خیر الناس من ینفع الناس

# ماہنامہ فیض الاسلام
راولپنڈی

اگست 2025ء بمطابق صفر المظفر 1447ھ

Monthly
# FAIZ-UL-ISLAM
Rawalpindi ABC

August 2025










طلوع صبح آزادی

14 اگست 1947ء

27 رمضان 1366ھ

زیر سرپرستی انجمن فیض الاسلام راولپنڈی

# جدوجہد آزادی

## منفرد مسلم تمدن

برصغیر جنوبی ایشیا میں اسلامی اقدار اور مقامی روایات کے امتزاج سے ایک منفرد مسلم تمدن نمو پذیر ہوا جو مسلمانوں کی الگ شناخت اور قومیت کی بنیاد بنا۔

## تجدید قومیت

اکبر کے عہد میں دین الٰہی کے ذریعے غیر مسلموں اور مسلمانوں کو ایک قوم کی حیثیت سے مدغم کرنے کی کوشش کی گئی مگر یہ کوشش مسلمانوں کی نشاۃ الثانیہ کے پیش رو حضرت مجدد الف ثانیؒ کی اصلاحی اور تجدیدی تحریک نے کچل کر رکھ دی۔

## دو قومی نظریہ

برصغیر جنوبی ایشیا میں مسلمانوں کے عظیم مصلح اور مدبّر سر سید احمد خان نے مسلمانوں اور ہندوؤں کو تمدنی تفاوت کی وجہ سے دو الگ قومیں قرار دے کر دو قومی نظریہ کی بنا ڈالی۔

## مسلم ریاست کا تصور

مسلمانوں کے عظیم مفکر اور قومی شاعر علامہ محمد اقبال نے برصغیر جنوبی ایشیا کے منفرد مسلم تمدن کی بنا پر ہندوستان یا برصغیر جنوبی ایشیا کے مسلم اکثریت کے علاقوں پر مشتمل الگ مسلم ریاست کا تصور پیش کیا۔

## مسلم ریاست کا مطالبہ

دور برطانیہ کے بنگال کے وزیر اعظم مولوی اے۔ کے فضل الحق نے قائد اعظم محمد علی جناح کی زیر صدارت آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں ایک قرارداد کے ذریعے برصغیر جنوبی ایشیا میں مسلم اکثریتی علاقوں پر مشتمل الگ مسلم ریاست کے قیام کا مطالبہ کیا۔

## مسلم ریاست کا نام

اس وقت کے آکسفورڈ یونیورسٹی کے ایک طالب علم رہنما چوہدری رحمت علی نے پنجاب کے ''پ''، اباسین یا افغانیہ (موجودہ خیبر پختون خواہ) کے ''الف''، کشمیر کے ''ک''۔ سندھ کے ''س'' اور بلوچستان کے ''تان'' کو ملا کر مجوزہ مسلم ریاست کے لیے پاکستان کا نام تجویز کیا۔

## مسلم ریاست کا قیام

قائد اعظم محمد علی جناح نے برصغیر جنوبی ایشیا کے تمام علاقوں کے مسلمانوں کو مسلم تمدن کی بنیاد پر ایک قوم کی حیثیت سے منظم کر کے حصول پاکستان کی جدوجہد کی قیادت کی اور اپنے استدلال اور استقلال سے انگریز حاکموں اور غیر مسلم لیڈروں کو قائل کر کے پاکستان کے قیام کو ممکن بنایا

CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پاکستان اور دیگر اہم ممالک میں پڑھا جانے والا کثیر الاشاعت دینی و علمی مجلہ

اسلامی شعائر، ثقافتی اقدار، تعلیمی ترقی اور معاشرتی اصلاح و بہبود کا داعی

آغاز اشاعت 1949ء

بانی مدیر راجہ غلام قادر (مرحوم)

ABC سے باقاعدہ تصدیق شدہ

# ماہنامہ فیض الاسلام راولپنڈی

| جلد نمبر 77 | اگست 2025ء بمطابق صفر المظفر ۱۴۴۷ھ | شمارہ نمبر 8 |
|---|---|---|

مجلس ادارت

| | |
|---|---|
| پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد | مدیر اعلیٰ |
| راجہ محمد صابر حسین | مدیر منتظم/ طابع و ناشر |
| قاری خورشید احمد | مدیر |
| محمد بدر منیر | مدیر رابطہ کاری |

مجلس مشاورت

| | |
|---|---|
| پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد | (صدر) |
| محترمہ اظہار فاطمہ | (سینئر نائب صدر) |
| لیفٹیننٹ کرنل میاں محمد جمیل اطہر (ر) | (نائب صدر اول) |
| انجینئر صلاح الدین رفاعی | (نائب صدر دوم) |
| گروپ کیپٹن پرویز اختر (ر) | (جنرل سیکریٹری) |
| طاہر ضیاء | (جوائنٹ سیکریٹری) |
| راجہ محمد صابر حسین | (سیکریٹری مالیات) |
| محمد بدر منیر | (سیکریٹری نشر و اشاعت) |

## مندرجات

| | | |
|---|---|---|
| ارشادات | | ۲ |
| حمد | شاہد لطیف | ۳ |
| نعت | ندیم ہاشمی | ۴ |
| اداریہ | پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد | ۵ |
| القرآن | مفتی محمد شفیعؒ | ۷ |
| درسِ حدیث | شیخ الحدیث فضل الرحیم اشرفی | ۱۲ |
| قرآن مجید کا تعارف | مولانا صدر الدین الرفاعی | ۱۶ |
| یتیم کی عظمت قرآن کی نظر میں | قاری خورشید احمد | ۲۰ |
| آزادی اور تعمیر وطن میں مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کی بے مثال خدمات | ڈاکٹر پروفیسر ریاض احمد | ۲۴ |
| 14 اگست۔ یوم آزادی | لیفٹیننٹ کرنل میاں محمد جمیل اطہر (ر) | ۲۶ |
| گلزار دینہ | محمد شاہد رانا | ۲۷ |
| یوسف ہارون | | ۳۴ |
| اطلاعات انجمن | مرتب: تاج محمد جان | ۳۹ |

رسالے کے مندرجات سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

زر اشتراک: پاکستان فی پرچہ 100 روپے، سالانہ 1000 روپے

طابع و ناشر: راجہ محمد صابر حسین فیض الاسلام پرنٹنگ پریس راولپنڈی
مقام اشاعت اقبال روڈ راولپنڈی، فون صدر دفتر: ۵۵۳۲۹۰۹،۵۷۷۲۹۰۹
فیض آباد: ۴۵۷۵۶۸۸-۴۵۷۵۶۸۷ مندرہ: ۰۵۱-۳۵۹۱۷۰۵

E-Mail:appnaghar2002@yahoo.com & faiz-ul-islam@anjumanfaiz-ul-islam.com

Web site:http://www.afir.org.pk

CamScanner

# القرآن

''اے نبیؐ! لوگ آپ سے پوچھتے ہیں کہ اپنا مال کہاں خرچ کریں؟ آپؐ کہہ دیں کہ جو مال خرچ کرو وہ والدین، قریبی رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں اور مسافروں پر خرچ کرو، اور تم جو بھلائی بھی کرو گے، اللہ اسے جانتا ہے''۔ [سورۃ البقرہ: آیت ۲۱۵]

# فرمان رسول ﷺ

رسول اللہؐ نے ارشاد فرمایا کہ: اللہ عزوجل قیامت کے دن کہے گا ''اے ابن آدم! میں نے تجھ سے کھانا مانگا تھا تُو نے نہیں کھلایا۔ تو وہ کہے گا کہ اے میرے رب! میں تجھے کیسے کھلاتا جب کہ تو سب لوگوں کی پرورش کرنے والا ہے۔ اللہ کہے گا: کیا تجھے خبر نہیں تجھ سے میرے فلاں بندے نے کھانا مانگا تھا، لیکن تو نے اسے نہیں کھلایا؟ کیا تجھے خبر نہیں کہ اگر تو اسے کھلاتا تو اپنے کھلائے ہوئے کھانے کو میرے ہاں پاتا''۔ (صحیح مسلم: ۲۵۶۹)

# قائداعظم نے فرمایا

اسلام اور اس کی بلند نظری نے جمہوریت سکھائی ہے، اسلام نے مساوات سکھائی ہے۔ ہر شخص سے انصاف اور رواداری کا حکم دیا گیا ہے۔ کسی بھی شخص کے پاس کیا جواز ہے کہ وہ عوام الناس کے لیے انصاف، رواداری اور دیانتداری کے اعلیٰ معیار پر مبنی جمہوریت، مساوات اور آزادی سے گھبرائے۔

(کراچی بار ایسوسی ایشن سے خطاب۔۔۲۵ جنوری ۱۹۴۸ء)

# فرمودۂ اقبال

مٹایا قیصر و کسریٰ کے استبداد کو جس نے
وہ کیا تھا، زورِ حیدرؓ، فقرِ بوذرؓ، صدقِ سلمانیؓ
ہوئے احرارِ ملت جادہ پیما کس تجمل سے
تماشائی شگافِ در سے ہیں صدیوں کے زندانی
ثبات زندگی ایمانِ محکم سے ہے دنیا میں
کہ المانی سے بھی پائندہ تر نکلا ہے تُورانی

# حمد

شاہدہ لطیف

ہر مکاں اور لامکاں تُو ہے
درحقیقت یہاں وہاں تُو ہے
کب کیا رُوح کا سفر میں نے
کیا بتاؤں کہاں کہاں تُو ہے
بندھا آتا ہے ذِکر سانسوں سے
ہر نفس تُو سُرورِ جاں تُو ہے
کیوں کہوں مہرباں! ستارے کو
مہر سے بڑھ کے مہرباں تُو ہے
اس تعلق کو لوگ کیا جانیں
میرا دل تُو، مری زباں تُو ہے
میں ہوں قطرہ مگر نگہ میں نہیں
اس میں کیا شبہ، بے کراں تُو ہے
نہ مسیحا مجھے کوئی درکار
میرا درماں، میری اماں تُو ہے
کارِ پرواز ہے ہر اِک ذرّہ
جب مرا میرِ کارواں تُو ہے
میں نے ہمت کبھی نہیں ہاری
ہے مرا حوصلہ جواں، تُو ہے

# نعت

ندیم ہاشمی

شفقتوں سے بھرا جہان ملا
مجھ کو ہستی کا سائبان ملا

کیا تمازت جلا سکے گی اُسے
آپ ﷺ کے سائے سے جو آن ملا

ایک مرکز ملا محبت کا
اپنی منزل کا اِک نشان ملا

فخر کرتا ہوں، شکر کرتا ہوں
اپنے آقا ﷺ کا ایسا مان ملا

تذکرے ہیں تمام عالم میں
قُدسیوں میں یہاں بیان ملا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اداریہ

محترم قارئین کرام!

اگست کا مہینہ انجمن فیض الاسلام اور ملک وقوم کے لیے انتہائی اہم مہینہ ہے اس مہینہ میں 14۔اگست 1947ء کو پاکستان معرضِ وجود میں آیا لیکن اس سال کا اگست ایک اور انداز سے اہمیت کا حامل ہے کہ حال ہی میں بھارت کے ساتھ جنگ میں پاکستان کو 10۔مئی 2025ء کو اللہ کی مدد، پاکستانی افواج کی جرأت و بہادری اور پاکستانی قوم کی نظریاتی ہم آہنگی کی وجہ سے اپنے سے دس گنا بڑے دشمن پر فتح حاصل ہوئی اس طرح پاکستان علامہ اقبالؒ کے خوابوں اور قائداعظم محمد علی جناحؒ بانیِ پاکستان کی کاوشوں کی وجہ سے معرضِ وجود میں آیا تو تقریباً 78 سال بعد ایک بڑی کامیابی حاصل ہوئی کہ اپنے ازلی دشمن کو نہ صرف شکست دی بلکہ جنگ میں فتح کی وجہ سے پاکستان کو نہ صرف جنوبی ایشیاء، سنٹرل ایشیاء اور عربی دنیا بلکہ تمام دنیا میں عزت کا مقام ملا جس پر ادارہ انجمن فیض الاسلام اپنے تمام ارکان اور قارئین کرام کو مبارک باد پیش کرتا ہے۔اسی وجہ سے پاکستانی قوم آج کا یومِ آزادی کے موقع پر سر اٹھا کر اور بارگاہ الٰہی میں سربسجود ہو کر جشن منا رہی ہے۔

ہماری یہ بھی دعا ہے کہ اندرونی طور پر قوم جن مسائل کا شکار ہے اللہ تعالیٰ انہیں حل کرنے میں ہماری مدد فرمائے۔دشمن کے عزائم کو خاک میں ملائے اور پاکستانی قوم کے مختلف طبقوں کو محبت و پیار

اور نظریاتی ہم آہنگی کے جذبے سے سرشار کرے۔اللہ تعالیٰ پاکستان کو اندرونی اور بیرونی طور پر ایک مضبوط ملک بنائے۔حکومت کو عوامی مسائل حل کرنے کی توفیق دے۔غربت کا خاتمہ ہو اور معاشی طور پر پاکستان ایک خوشحال ملک بنے۔امید ہے کہ پاکستان جلد ہی یہ منزل پا لے گا اور ہمارے حکمرانوں کو توفیق دے گا کہ وہ ملک وقوم کی بہتر انداز میں خدمت کرسکیں۔(آمین ثم آمین)

پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد

(تمغۂ امتیاز)

مدیر اعلیٰ

---

## قسموں کو پورا کرنا

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم لوگوں کو سات چیزوں کا حکم فرمایا۔"جنازوں کے پیچھے چلنا، بیماروں کی مزاج پرسی کے لیے جانا، چھینک کا جواب دینا،(یعنی جس وقت کوئی چھینکنے والا شخص الحمد للہ کہے تو اس وقت یرحمک اللہ کہنا)اور جب کوئی شخص دعوت کرے تو اس کو قبول کرنا،اور مظلوم کی مدد کرنا(یعنی جس شخص پر ظلم ہوا ہو یا ظلم ہو رہا ہو تو اس کی مدد کرنا جس طریقہ سے بھی ممکن ہو سکے)اور قسموں کو سچا کرنا(جائز قسم کھانے کے بعد اس کو پورا کرنا)،سلام کا جواب دینا۔

(سنن نسائی شریف باب ابرار القسم)

# القرآن

## عنوان: صلہ رحمی کرو

سورۃ النساء: آیت نمبر 1

مفتی محمد شفیعؒ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ۝ [سورۃ النساء: آیت نمبر:1]

ترجمہ:۔اے لوگو! ڈرتے رہو اپنے رب سے جس نے پیدا کیا تم کو ایک جان سے اور اس نے پیدا کیا اس کا جوڑا اور پھیلائے ان دونوں سے بہت مرد اور عورتیں اور ڈرتے رہو اللہ سے جس کے واسطہ سے سوال کرتے ہو آپس میں اور خبردار ہو قرابت والوں سے بے شک اللہ ہر وقت تمہیں دیکھ رہا ہے۔

**تفسیر:**

سورۃ آل عمران کی آخری آیت تقویٰ پر ختم ہوئی سورۃ النساء بھی حکمِ تقویٰ سے شروع ہو رہی ہے، پہلی سورۃ میں بعض غزوات اور مخالفین کے ساتھ برتاؤ کرنے اور غزوات کے سلسلہ میں مالِ غنیمت حاصل ہونے پر خیانت کی مذمت، اور بعض دیگر امور کا ذکر تھا، اس سورۃ کے شروع میں اپنوں سے میل جول یعنی حقوق العباد سے متعلق احکام ہیں، مثلاً یتیموں کے حقوق، رشتہ داروں اور بیویوں کے حقوق وغیرہ، لیکن حقوق کچھ تو ایسے ہیں جو قانونِ انضباط میں آسکتے ہیں، اور ان کی ادائیگی بزور قانون کرائی جاسکتی ہے، جیسے عام معاملات بیع وشراء، اجارہ ومزدوری کے ذریعہ پیدا ہونے والے حقوق، جو باہمی معاہدات اور صلح کے ذریعہ طے ہوسکتے ہیں، اگر کوئی فریق مقررہ حقوق کی ادائیگی

میں کوتاہی کرے تو بزور حکومت بھی دلوائے جاسکتے ہیں، لیکن اولاد، والدین، شوہر اور بیوی و یتیم بچے جو اپنی تحویل میں ہوں، اور دوسرے رشتہ داران کے باہمی حقوق جو ایک دوسرے پر عائد ہوتے ہیں، ان کی ادائیگی کا مدار، ادب، احترام، دلداری، ہمدردی اور دِلی خیرخواہی پر ہے، اور یہ ایسی چیزیں ہیں جو کسی کانٹے میں تولی نہیں جاسکتیں، اور معاہدات کے ذریعہ بھی ان کی پوری تعیین مشکل ہے، لہٰذا اُن کی ادائیگی کے لیے سوائے خوفِ خدا اور خوفِ آخرت کے کوئی دوسرا ذریعہ نہیں، جس کو تقویٰ سے تعبیر کیا جاتا ہے، اور حقیقت میں یہ تقویٰ کی طاقت حکومت اور قانون کی طاقت سے کہیں زیادہ ہے، اس لیے اس سورۃ کو امر بالتقویٰ سے شروع فرمایا، اور ارشاد ہوا:

یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ ، یعنی اے لوگو! اپنے رب کی مخالفت سے ڈرو، اور شاید یہی وجہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس آیت کو خطبہ نکاح میں پڑھا کرتے تھے، اور خطبہ نکاح میں اس کا پڑھنا مسنون ہے، اس میں یہ بات بھی قابلِ نظر ہے کہ خطاب یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ کے ذریعہ فرمایا گیا ہے، جس میں تمام انسان شامل ہیں، مرد ہوں یا عورتیں، اور نزولِ قرآن کے وقت موجود ہوں یا آئندہ قیامت تک پیدا ہوں، پھر حکم اتقوا کے ساتھ اللہ کے اسماء حسنٰی میں سے لفظ رب کو اختیار کیا گیا، جس میں امر تقویٰ کی علت اور حکمت کی طرف اشارہ فرمادیا کہ جو ذات تمہاری پرورش کی کفیل ہے اور جس کی شانِ ربوبیت کے مظاہر انسان اپنی زندگی کے ہر لحہ میں مشاہدہ کرتا رہتا ہے، اس کی مخالفت اور سرکشی کس قدر خطرناک ہوگی۔

اس کے ساتھ ہی رب تعالیٰ کی ایک خاص شان کا ذکر فرمایا کہ اس نے اپنی حکمت و رحمت سے تم سب کو پیدا کیا، پھر پیدا کرنے اور موجود کرنے کی مختلف صورتیں ہوسکتی تھیں، ان میں سے ایک خاص صورت کو اختیار فرمایا، کہ سب انسانوں کو ایک ہی انسان یعنی حضرت آدم علیہ السلام سے پیدا کر کے سب کو محبت و برادری کے ایک مضبوط رشتہ میں باندھ دیا، علاوہ خوفِ خدا و آخرت کے اس رشتہ بھائی چارہ کا بھی یہی تقاضٰی ہے کہ باہمی ہمدردی و خیرخواہی کے حقوق پورے ادا کیے جائیں، اور انسان انسان میں ذات پات کی اونچ نیچ، نسل اور لونی یا لسانی امتیازات کو شرافت و رذالت کا معیار نہ بنایا جائے، اس لیے فرمایا:

الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِیْرًا وَّنِسَآءً ، یعنی اپنے اُس پروردگار سے ڈرو جس نے تم سب کو ایک ہی ذات سے، آدمؑ سے اس طرح پیدا فرمایا کہ پہلے ان کی بیوی حضرت حواء کو پیدا کیا، پھر اس جوڑے کے ذریعہ بہت سے مرد اور عورتیں پیدا فرمائیں،

غرض یہ پوری آیت ان احکام کی تمہید ہے جو آگے اس صورت میں آنے والے ہیں، اس تمہید میں ایک طرف تو پروردگارِ عالم کے حقوق سامنے رکھ کر اس کی مخالفت سے روکا گیا، دوسری طرف تمام افرادِ انسانی کو ایک باپ کی اولاد بتلا کر ان میں محبت اور باہمی ہمدردی اور خیر خواہی کے جذبات کو بیدار کیا گیا، تا کہ اہل قرابت و یتیموں اور میاں بیوی کے درمیان آپس حقوق کی ادائیگی دل سے ہو سکے۔

اس کے بعد پھر اتقوا اللّٰہ کا دوبارہ اعلان کیا ایک خاص عنوان سے فرمایا: وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ، یعنی اللہ تعالیٰ سے ڈرو، جس کے نام پر تم دوسروں سے اپنے حقوق طلب کرتے ہو، اور جس کی قسمیں دے کر دوسروں سے اپنا مطلب نکالتے ہو، آخر میں فرمایا: وَالْاَرْحَامَ، یعنی قرابت کے تعلقات خواہ باپ کی طرف سے ہوں خواہ ماں کی طرف سے، ان کی نگہداشت اور ادائیگی میں کوتاہی کرنے سے بچو۔

دوسری آیت میں یتیم بچوں کے حقوق کی تاکید اور ان کے اموال کی حفاظت کے احکام ہیں، مختصر تفسیر ان دونوں آیتوں کی یہ ہے۔

## صلہ رحمی کے معنی اور اس کے فضائل:

لفظ ارحام، رحم کی جمع ہے، رحم بچہ دانی کو کہتے ہیں، جس میں ولادت سے پہلے ماں کے پیٹ میں بچہ رہتا ہے، چونکہ ذریعہ قرابت یہ رحم ہی ہے، اس لیے اس سلسلے کے تعلقات وابستہ رکھنے کو صلہ رحمی اور رشتہ داری کی بنیاد پر جو فطری طور پر تعلقات پیدا ہو گئے، ان کی طرف سے بے توجہی و بے التفاتی برتنے کو قطع رحمی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

احادیث شریفہ میں صلہ رحمی پر بہت زور دیا گیا ہے، چنانچہ ارشاد نبویؐ ہے:

من احب ان یبسط له فی رزقه وینسأله فی اثره فلیصل رحمه (مشکوٰۃ، ص ۴۱۹)

ترجمہ: ''یعنی جس کو یہ بات پسند ہو کہ اس کے رزق میں کشادگی پیدا ہو اور اس کی عمر دراز ہو تو اسے چاہیے کہ صلہ رحمی کرے''۔

اس حدیث سے صلۂ رحمی کے دو بڑے اہم فائدے معلوم ہو گئے، کہ آخرت کا ثواب تو ہے ہی، دنیا میں بھی صلہ رحمی کا فائدہ یہ ہے کہ رزق کی تنگی دور ہوتی ہے، اور عمر میں برکت ہوتی ہے،

عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ تشریف لائے اور میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ کے وہ مبارک کلمات جو سب سے پہلے میرے کانوں میں پڑے، یہ تھے، آپ ﷺ نے

فرمایا:

یا ایھا لناس افشوا السلام واطعموا الطعام وصلوا الارحام وصلوا باللیل والناس ینام تدخلوا الجنة بسلام (مشکوٰۃ،ص۱۰۸)

ترجمہ: ''لوگو! ایک دوسرے کو کثرت سے سلام کیا کرو، اللہ کی رضاجوئی کے لیے لوگوں کو کھانا کھلایا کرو، صلۂ رحمی کیا کرو، اور ایسے وقت میں نماز کی طرف سبقت کیا کرو۔ جبکہ عام لوگ نیند کے مزے میں ہوں، یادرکھو! ان امور پر عمل کر کے تم حفاظت اور سلامتی کے ساتھ بغیر کسی رکاوٹ کے جنت میں پہنچ جاؤ گے''۔

ایک اور حدیث میں ذکر ہے کہ ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے اپنی ایک باندی کو آزاد کردیا تھا، جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا:

لو اعطیتها اخوالك كان اعظم لاجرك (مشکوٰۃ،ص۱۷۱)

ترجمہ: ''اگر تم اپنے ماموں کو دے دیتیں تو زیادہ ثواب ہوتا''۔

اسلام میں غلام باندی کو آزاد کرنے کی بہت ترغیب ہے، اور اسے بہترین کارثواب قرار دیا گیا ہے، لیکن اس کے باوجود صلۂ رحمی کا مرتبہ اس سے بہرحال اعلیٰ ہے۔

اسی مضمون کی ایک اور روایت ہے، آپ ﷺ نے فرمایا:

الصدقه علیٰ المسکین صدقة وهی علیٰ ذی الرحم ثنتان، صدقة وصلة (مشکوٰۃ،ص۱۷۱)

ترجمہ: ''یعنی کسی محتاج کی مدد کرنا صرف صدقہ ہی ہے، اور اپنے کسی عزیز قریب کی مدد کرنا دو امروں پر مشتمل ہے، ایک صدقہ اور دوسرا صلہ رحمی''۔

صرف مصرف کے تبدیل کرنے سے دو طرح کا ثواب مل جاتا ہے۔

اس کے مقابلہ میں قطع رحمی کے حق میں جو شدید ترین وعیدیں روایاتِ حدیث میں مذکورہ ہیں اس کا اندازہ دو حدیثوں سے بخوبی ہوسکتا ہے، آپ ﷺ کا ارشاد ہے۔

لا یدخل الجنة قاطع (مشکوٰۃ،ص۴۱۹)

ترجمہ: ''جو آدمی حقوق قرابت کی رعایت نہیں کرتا وہ جنت میں نہیں جائے گا''۔

لاتنزل الرحمة علىٰ قوم فيه قاطع رحم (مشکوٰۃ،ص ۴۲۰)

ترجمہ: ''اس قوم پر اللہ کی رحمت نہیں اُترے گی جس میں کوئی قطع رحمی کرنے والا موجود ہو''۔

اخیر میں پھر دلوں میں ادائے حقوق کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے فرمایا:

یعنی اللہ تعالیٰ تم پر نگراں ہے جو تمہارے دلوں اور ارادوں سے باخبر ہے، اگر رسمی طور پر شرماشرمی، بے دلی سے کوئی کام بھی کر دیا مگر دل میں جذبہ ایثار و خدمت نہ ہوا تو قابل قبول نہیں ہے، اس سے اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کی وجہ سے معلوم ہوگئی، کہ وہ سب پر ہمیشہ نگراں ہے، قرآن کریم کا یہ عام اسلوب ہے کہ قانون کو محض دنیا کی حکومتوں کے قانون کی طرح بیان نہیں کرتا، بلکہ تربیت وشفقت کے انداز میں بیان کرتا ہے، دلوں اور ذہنوں کی تربیت بھی کرتا ہے۔ (جاری)

---

جو لوگ مشتعل ہو کر صرف لڑنا جانیں اور خاموش ہو کر دوررَس نتائج کی تیاری نہ کریں، ان کے لیے یہاں صرف بربادی کا انجام ہے، ناممکن ہے کہ خدا کی دنیا میں وہ کامیاب ہوسکیں، کیسی عجیب بات ہے کہ جو کامیابی پیغمبر ﷺ نے عدم تشدد اور نہ ٹکرانے کی پالیسی اختیار کر کے حاصل کی، اس کو بعض لوگ ٹکرانے کا طریقہ اختیار کر کے حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ (سماجی تبدیلی کی حکمت عملی، اُسوہ حسنہ کے تناظر میں، ازمفتی سعید الرحمٰن، ص، ۲۱۔ شاہ ولی اللہ میڈیا فاؤنڈیشن)

# درسِ حدیث

## عنوان: پرسکون زندگی کے سنہری اصول

شیخ الحدیث فضل الرحیم اشرفی

عن عائشة رضی الله عنها قالت استاذن رجل علی النبی صلی الله علیه وسلم فقال بئس ابن العشیرة اوبئس رجل العشیرة ثم قال ائذنوا له فلما دخل الان له القول فقالت عائشة یارسول الله النت له القول وقدقلت له ما قلت قال ان شر الناس منزلة عند الله یوم القیٰمة من ودعه او ترکه الناس لاتقاء فحشه (رواه البخاری ومسلم وابوداؤدواللفظ له)

ترجمہ:۔۔۔حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کی اجازت چاہی، آپ ﷺ نے ہم (لوگوں سے) فرمایا کہ یہ اپنے قبیلہ کا بُرا آدمی ہے یا فرمایا کہ یہ شخص اپنے قبیلہ کا بُرا آدمی ہے پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس کو آنے کی اجازت دے دو، پھر جب وہ آگیا تو آپ ﷺ نے اس کے ساتھ گفتگو بہت نرمی سے فرمائی (جب وہ چلا گیا) تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے آپ ﷺ سے عرض کیا کہ یارسول اللہؐ! آپ نے تو اس شخص سے بڑی نرمی کے ساتھ بات کی، اور پہلے آپ ﷺ نے اسی کے بارے میں وہ بات فرمائی تھی (کہ وہ اپنے قبیلے کا بہت بُرا آدمی ہے) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک درجہ کے لحاظ سے بدترین آدمی قیامت کے دن وہ ہوگا جس کی بدزبانی اور سخت کلامی کے ڈر سے لوگ اس کو چھوڑ دیں (یعنی اس سے ملنے اور بات کرنے سے گریز کریں) (صحیح بخاری، صحیح مسلم، سنن ابی داؤد)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ اگر کوئی آدمی شریر اور برا بھی ہو، جب بھی اس سے

بات نرمی سے اور شریفانہ طریقہ ہی سے کرنی چاہیے، ورنہ بدزبانی اور سخت کلامی کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ لوگ ایسے شخص سے ملنے اور بات کرنے سے گریز کرنے لگتے ہیں اور جس شخص کا یہ حال ہو وہ اللہ کے نزدیک بہت برا آدمی ہے اور قیامت کے دن اس کا حال بہت برا ہوگا۔

اس حدیث کے بارے میں چند باتیں سمجھ لینی چاہئیں:

۱۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے آنے سے پہلے اس کے بُرے آدمی ہونے کی اطلاع اپنے پاس والوں کو غالباً اس لیے دی تھی کہ وہ اس کے سامنے محتاط ہو کر بات کریں، اور کوئی ایسی بات نہ کر بیٹھیں جو کسی شریر اور بُرے آدمی کے سامنے نہ کرنی چاہیے، اور ایسی کسی مصلحت سے کسی شخص کی برائی سے دوسروں کو خبردار کرنا غیبت میں داخل نہیں ہے، بلکہ اس کا حکم ہے چنانچہ ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”اذکروا الفاجر بما فیه لکی یحذره الناس “(فاجر، بدکار آدمی میں جو برائی ہے اس کا لوگوں سے ذکر کردو تاکہ اللہ کے بندے اس کے شر سے محفوظ رہ سکیں) (کنز العمال)

۲۔ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جس آدمی کا شریر اور برا ہونا معلوم ہو اس سے بھی گفتگو نرمی ہی سے کرنی چاہیے بلکہ اسی واقعہ کی صحیح بخاری کی ایک روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: فلما جلس تطلق النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی وجهه وانبسط الیه جس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ ﷺ نے اس آدمی سے شگفتگی اور خندہ روئی کے ساتھ ملاقات اور بات چیت کی۔ اس سے معلوم ہوا کہ بعض لوگوں کا یہ خیال کہ جن لوگوں کی برائی اور بدکرداری ہم جانتے ہوں اُن سے اچھی طرح ملنا بھی نہ چاہیے صحیح نہیں ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مشہور صحابی حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے خود امام بخاری نے نقل کیا ہے کہ وہ فرماتے تھے ”انا لنکشر فی وجوہ اقوام وان قلوبنا لتلعنهم “یعنی ہم بہت سے ایسے لوگوں سے بھی ہنس کر ملتے اور بولتے ہیں، جن کے احوال اور اعمال کے لحاظ سے ہمارے دل ان پر لعنت کرتے ہیں۔

۳۔ اس حدیث کی ابوداؤد کی ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہؓ نے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا، کہ جس آدمی کے بارے میں آپ نے خود فرمایا تھا کہ یہ بہت برا آدمی ہے، اس سے آپ ﷺ نے ایسی بشاشت اور شگفتگی کے ساتھ کیوں ملاقات اور بات چیت فرمائی؟ تو آپ ﷺ نے

جواب میں فرمایا''یاعائشة ان اللّٰہ لایحب الفاحش المتفحش ''یعنی اے عائشہؓ! اللہ تعالیٰ بدزبان اور فحش گو آدمی کو دوست نہیں رکھتا'' مطلب یہ ہے کہ بدزبانی کی عادت اللہ کی محبت سے محروم کردیتی ہے، لہٰذا میں کیسے اس کا مرتکب ہوسکتا ہوں۔

دنیا میں جھگڑے اور فسادات زیادہ تر زبان کی بے احتیاطیوں اور بے باکیوں ہی سے پیدا ہوتے ہیں اور جو بڑے بڑے گناہ آدمیوں سے بکثرت سرزد ہوتے ہیں، ان کا تعلق بھی بیشتر زبان ہی ہوتا ہے اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی بڑی تاکید فرماتے تھے، کہ زبان کو قابو میں رکھا جائے اور ہر قسم کی بری باتوں سے بلکہ بے ضرورت اور بے فائدہ باتیں کرنے سے بھی زبان کو روکا جائے اور جب بات کرنے کی کوئی خاص ضرورت نہ ہو اور بات سے کسی خیر اور نفع کی اُمید نہ ہو، تو خاموش ہی رہا جائے۔ یہ تعلیم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ان اہم تعلیمات میں سے ہے جن پر آپ نے نجات کا دارومدار بتلایا ہے، اور بعض حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز، روزہ حج اور جہاد جیسی عبادات کی نورانیت اور ان کا حسن وقبول بھی زبان کی اسی احتیاط پر موقوف ہے۔

انسان کی اخلاقی زندگی کے جن پہلوؤں سے اس کے تعلق والوں کا سب سے زیادہ واسطہ پڑتا ہے اور جن کے اثرات اور نتائج بھی بہت دوررس ہوتے ہیں، ان میں سے اس کی زبان کی شیرینی یا تلخی اور نرمی یا سختی بھی ہے، اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے متبعین و متعلقین کو شیریں گفتاری اور خوش کلامی کی بڑی تاکید فرماتے اور بدزبانی اور سخت کلامی سے شدت کے ساتھ منع فرماتے تھے، یہاں تک کہ بری بات کے جواب میں بھی بری بات کہنے کو آپ ﷺ پسند نہیں فرماتے تھے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ کچھ یہودی لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور انہوں نے (نفس کی خباثت اور شرارت سے السلام علیکم کے بجائے) کہا ''السام علیکم'' (جو دراصل ایک گالی ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ تم کو موت آئے) حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے (ان کی اس گستاخی کو سن لیا اور سمجھ لیا اور) جواب میں فرمایا کہ تم ہی کو آئے، اور تم پر خدا کی لعنت اور اس کا غضب ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے عائشہؓ (ایسی سختی نہیں!) زبان کو روکو، نرمی کا رویہ اختیار کرو اور سختی اور بدزبانی سے اپنے کو بچاؤ۔ (صحیح بخاری)

گویا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان یہودیوں کی ایسی سخت گستاخی کے جواب میں بھی سختی کو پسند نہیں فرمایا،

اور نرمی ہی کے اختیار کرنے کی ہدایت فرمائی۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن بندہ نہ زبان سے حملہ کرنے والا ہوتا ہے، نہ لعنت کرنے والا، اور نہ بدگو اور نہ گالی بکنے والا۔ (جامع ترمذی)

مطلب یہ کہ مومن کا مقام یہ ہے کہ اس کا شیوہ یہ ہونا چاہیے کہ اس کی زبان سے لعن طعن اور گالی گلوچ نہ نکلنے، کتاب الایمان میں ایک حدیث ہے جس میں اختلاف ونزاع کے وقت گالیاں بکنے کو منافق کی نشانی بتلایا گیا ہے۔

اللہ رب العزت ہم سب کو لوگوں کے شر سے محفوظ فرمائے اور زندگی کے ہر لمحہ میں محتاط رہنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

---

”یاد رکھو۔! دنیا کی تمام مشکلات کا حل اسلامی حکومت کے قیام میں ہے۔ اسی مقصد کی خاطر میں لندن کی پرسکون زندگی کو چھوڑ کر عظیم مفکر علامہ اقبال کے تصور کو عملی جامہ پہنچانے کی خاطر ہندوستان آگیا ہوں۔ ان شاء اللہ ایک ایسی فلاحی اور مثالی مملکت قائم ہوگی، جس کی بنیاد **لا الہ الا اللہ** پر ہوگی، اور دنیا اس کی تقلید پر مجبور ہو جائے گی“۔

[نئی دہلی میں انٹرویو۔ ۲۶ نومبر ۱۹۴۶ء]

# قرآن مجید کا تعارف

(3)

مولانا صدرالدین الرفاعیؒ

جولوگ اس قرآن کو اپنا رہنما اور اپنی پوری زندگی کے لیے کتابِ آئین مان لیتے ہیں ان کے لیے تو یہ کتاب خدا کی رحمت اور ان کے تمام ذہنی نفسیاتی، اخلاقی اور تمدنی امراض کا علاج ہے۔ مگر جو ظالم اسے رد کر کے اس کی رہنمائی سے منہ موڑ کر اپنے اوپر ظلم کریں ان کو یہ قرآن اُس حالت پر بھی نہیں رہنے دیتا جس پر وہ اس کے نزول سے پہلے یا اُس کے جاننے سے پہلے تھے بلکہ یہ انہیں مزید خسارے میں ڈال دیتا ہے۔ کیوں کہ قرآن کے نازل ہونے اور اس کو سمجھنے سے پہلے ان کا خسارہ محض جہالت کا خسارہ تھا مگر جب قرآن ان کے سامنے آگیا تو اس نے حق و باطل کو کھول کر رکھ دیا تو ان پر خدا کی حجت تمام ہوگئی۔ اب اگر وہ اسے رد کر کے گمراہی پر اصرار کرتے ہیں تو اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ جاہل نہیں ظالم، باطل پرست اور حق سے نفور ہیں۔ اب ان کی حیثیت وہ ہے جو زہر اور تریاق دیکھ کر زہر انتخاب کرنے والوں کی ہوتی ہے۔ اب اپنی گمراہی کے وہ پورے ذمہ دار ہیں اور ہر وہ گناہ جو اس کے بعد وہ کریں اس کی پوری سزا کے مستحق ہیں۔ یہ خسارہ جہالت کا نہیں بلکہ شرارت کا خسارہ ہے۔ جسے جہالت کے خسارے سے بڑھ کر ہی ہونا چاہیے۔ یہی حقیقت جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس مختصر اور بلیغ جملے میں ارشاد فرمائی ہے۔

القرآن حجة لك اوعليك

ترجمہ: ''قرآن یا تو تیرے حق میں حجت ہے یا تیرے خلاف حجت ہے''۔

جہاں تک ذکر کا تعلق ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

واذکرونی اذکرکم واشکروالی ولا تکفرون۔ (البقرہ:۱۵۲)

ترجمہ: ''تم مجھے یاد رکھو، میں تمہیں یاد رکھوں گا اور میرا شکر کرو۔ کفرانِ نعمت نہ کرو''

اور ظاہر ہے قرآن کریم کو سمجھ کر پڑھنا اور اس پر عمل کرنا سب سے اعلیٰ ذکر ہے۔ اس کی تلاوت کرنے اور اس کے معانی میں تدبر کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ مغفرت و رحمت سے یاد فرماتے ہیں اور اس نعمتِ عظمیٰ کا شکر ادا

کرنے والوں کو مزید نعمتوں سے نوازتے ہیں۔

## تلاوتِ قرآن کی فضیلت اور طریقہ

قرأتِ قرآن کی بڑی فضیلت ہے۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے۔

خیارکم من قرأ القرآن واقرأه۔

ترجمہ: ''تم میں سے بہتر شخص وہ ہے جو قرآن پڑھتا اور پڑھاتا ہے''۔

یہ حدیثِ نبویؐ قرآن کی ویسی ہی تاکید کرتی ہے جیسی بخاری شریف کی درجِ ذیل حدیث قرآنِ کریم کے سمجھنے اور سمجھانے کی تاکید کرتی ہے۔ جس کے الفاظ یہ ہیں۔

خیر کم من تعلم القرآن وعلّمہ

ترجمہ: ''تم میں سے بہتر آدمی وہ ہے جو قرآن کا علم سیکھے اور سکھائے''۔

## حسنِ صوت

جہاں تک قرآن کی تلاوت میں حسنِ صوت کی قدر و فضیلت کا تعلق ہے۔ سرکارِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمانِ ذی شان ہے۔

حسنوا القرآن باصواتکم فان الصوت الحسن یزید فی القرآن حسناً۔

(مشکوٰۃ صفحہ ۱۹۱ بحوالہ دارمی)

ترجمہ: ''تلاوتِ قرآن کو اپنی آواز سے حسین بناؤ کیوں کہ اچھی آواز قرأت کے حسن میں اضافہ کرتی ہے''۔

لیکن یہ حسنِ صوت اور خوش آوازی کا استعمال کس انداز میں ہو اس کے بارے میں ہدایت حدیثِ نبوی ﷺ میں ہے۔

سُئل النبی ﷺ ای الناس احسن صوتاً للقرآن و احسن قرأۃ ؟ قال من اذا سمعتہ یقرأ أریت انہ یخشی اللہ۔

ترجمہ: ''نبی ﷺ سے پوچھا گیا کہ اچھی آواز سے اور اچھی قرأت سے قرآن پڑھنے والا کون ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا۔ اچھی آواز سے اور اچھی قرأت سے قرآن پڑھنے والا وہ ہے جس کو

تم قرآن پڑھتے ہوئے سنو تو یہ سمجھو کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے۔

## سماعتِ قرآن کی فضیلت اور طریقہ

تلاوت وسماعتِ قرآن دونوں کی فضیلت کے بارے میں یہ فرمانِ الٰہی اس سے پہلے نقل کیا جا چکا ہے کہ۔

ترجمہ: ''جب قرآن پڑھا جائے تو اسے توجہ سے سنو اور خاموش رہو شاید کہ تم پر رحم کیا جائے''۔ (الاعراف: ۲۰۴)

اب قرآنِ کریم کی سماعت کے متعلق فرمانِ الٰہی پیش کیا جاتا ہے۔

حبشہ کے حکمران نجاشی نے اسلام قبول کر لینے کے کچھ عرصہ بعد ستّر نو مسلم افراد حضورِ پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ بابرکت میں بھیجے تو آپ نے اُن کو قرآن سنایا۔ اس وقت سماعتِ قرآن سے ان لوگوں پر جو کیفیت طاری ہوئی اسے اللہ تعالیٰ نے یوں بیان فرمایا ہے۔

واذا سمعوا ما انزل الی الرسول ترىٰ اعينهم تفيض من الدمع مما عرفوا من الحق۔ يقولون ربنا اٰمنا فاكتبنا مع الشاهدين۔ وما لنا نوء من بالله وما جاء نا من الحق۔ ونطمع ان يدخلنا ربنا مع القوم الصّٰلحين۔

ترجمہ: ''جب وہ اس کلام کو سنتے ہیں جو رسول اللہ ﷺ پر اُترا ہے تو تم دیکھتے ہو کہ حق شناسی کے اثر سے اُن کی آنکھیں آنسوؤں سے تر ہو جاتی ہیں۔ وہ بول اٹھتے ہیں کہ۔ اے ہمارے رب ہم ایمان لائے، ہمارا نام گواہی دینے والوں میں لکھ لے۔ اور وہ کہتے ہیں کہ آخر کیوں نہ اللہ پر ہم ایمان لائیں اور جو حق ہمارے پاس آیا ہے اسے کیوں نہ مان لیں جب کہ ہم اس بات کی خواہش رکھتے ہیں کہ ہمارا رب ہمیں صالحین (نیک بندوں) میں شامل کرے''۔

اس فرمانِ الٰہی میں چند باتیں خاص توجہ کی مستحق ہیں۔

۱۔ اُن بندگانِ خدا کا سماعتِ قرآن سے رونا، سریلی آواز سے کانوں کی لذت سے نہیں، عرفانِ حق کے سبب سے تھا۔

۲۔ اُن کا اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنا کہ وہ اُن کو اپنی شہادت دینے والوں (مومنین) میں لکھ لے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں مومن لکھا جانا ہی معتبر ہے، مردم شماری کے رجسٹر ہی میں مومن لکھا جانا کافی نہیں ہے۔

CamScanner

۳۔ اُن کا یہ یقین ظاہر کرنا کہ قرآن سننے کا لازمی نتیجہ ایمان لانا ہی ہوسکتا ہے، بھی خاص توجہ کا مستحق ہے۔

۴۔ اُن کی اِس خواہش سے کہ اللہ تعالیٰ اُن کو اپنے نیک بندوں میں شامل کرے، ظاہر ہے کہ قرآن سننے کا لازمی نتیجہ یہ ہونا چاہیے کہ سننے والا اپنی سیرت و کردار کی اصلاح کرے تا کہ وہ اللہ کے نیک بندوں میں شامل ہو جائے۔

حدیث شریف میں فرمانِ نبوی ﷺ ہے۔

اذا قرأتم القرآن فتبکوا وان لم تبکوا فتباکوا۔

ترجمہ: ''جب تم قرآنِ کریم پڑھو تو رؤو اور اگر کسی وقت رونا نہ آئے تو رونے کا انداز اختیار کرو''۔

حاصل یہ کہ تلاوتِ قرآن کے دوران حضورِ الٰہی میں عاجزی کا اظہار ہونا چاہیے۔ ظاہر ہے کہ کلامِ الٰہی سننے والوں پر بھی یہی اثرات مرتب ہونے چاہئیں۔

سماعتِ قرآن کے آداب واثرات کے بارے میں ارشادِ ربانی ہے۔

اللّٰہ نزل احسن الحدیث کتاباً متشابھًا مثانی تقشعر منه جلود الذین یخشون ربھم۔ ثم تلین جلودھم و قلوبھم الیٰ ذکر الله۔

ترجمہ: ''اللہ نے بہترین کلام اتارا ہے جس کے تمام اجزا ہم رنگ ہیں اور جس میں بار بار مضامین دہرائے گئے ہیں۔ اسے سن کر اُن لوگوں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں جو اپنے رب سے ڈرنے والے ہیں اور پھر اُن کے جسم اور دل نرم ہو کر اللہ کی طرف راغب ہو جاتے ہیں۔

یعنی دنیا میں قرآنِ کریم کے کلام اور اس کی تعلیمات سے بہتر کوئی کلام اور تعلیمات نہیں ہیں۔ اس کی تمام تعلیمات آپس میں ہم رنگ اور ہم آہنگ ہیں لوگوں کو ذہن نشین کرانے کے لیے مختلف پیرایوں میں دہرائی گئی ہیں۔ کتاب اللہ کو سن کر اللہ کے خوف اور اس کلام کی عظمت سے ایمان والوں کے دل کانپ اٹھتے ہیں، بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے اور کھالیں نرم پڑ جاتی ہیں اور ان کا قلب و قالب تن من جلالِ الٰہی کے سامنے جھک جاتا ہے۔ اور اللہ کی یاد اُن کی روح اور ذہن پر خاص اثر پیدا کرتی ہے۔ قرآنِ کریم کا حق صرف پڑھنا اور سمجھنا اور سمجھنا ہی نہیں اس پر عمل کرنا بھی ضروری ہے:

(جاری)

# یتیم کی عظمت قرآن وحدیث کی نظر میں

(2)

قاری خورشید احمد

زیر نظر مضمون کی قسط نمبر 1 میں صرف قرآنی آیات کا ترجمہ مکمل حوالہ جات کے ساتھ شائع کیا گیا تھا اس ضمن میں چند آیات کریمہ کی تفسیر اور احادیث مبارکہ بھی شائع کی جارہی ہیں۔ انجمن فیض الاسلام، چونکہ یتیم اور بے سہارا بچوں کا ادارہ ہے اس لیے لوگوں کی توجہ اس طرف جتنی بھی مائل کی جائے کم ہے۔ اللہ تعالیٰ یتیم بچوں کی سرپرستی کرنے والوں کو جزاء خیر عطا فرمائے۔ آمین

قرآن وحدیث کے ان تمام احکام پر جن میں یتیم کے ساتھ حسنِ سلوک کی تاکید فرمائی ہے خالص ایک شہری کی حیثیت سے غور کیجئے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ایک کامیاب اور صالح شہری زندگی کے لیے یتیم کی تربیت کتنی ضروری ہے یہ والد ہی کی شخصیت ہے جو اپنی چھوٹی اولاد کی تعلیم وتربیت اور اصلاح وفلاح کی کفیل ہوتی ہے۔ اس کو دین ودنیا میں ہرطرح بامراد بنانے کی کوشش کرتی ہے۔ اس کے لیے معاشی فراوانی کے ذرائع سوچتی ہے اور اس کی زندگی کو ہر طرح خوش گوار بنانے اور اخلاقی ومعاشی تباہیوں سے محفوظ رکھنے کی تدبیریں اختیار کرتی ہے اور اس طرح اس کو صالح تمدن کا ایک لائق شہری بناتی ہے۔ اگر بچے اپنے باپ کی کفالت اور تربیت سے محروم ہوجائیں جیسا کہ اُحد میں ستر صحابہ کی شہادت سے ہوا اور اگر ان کی تربیت کا کوئی قانونی نظم نہ ہو تو نتیجہ اس کے سوا کیا ہے کہ ان کا نشوونما غلط ماحول میں ہوگا جس کی وجہ سے وہ ناشائستہ اطوار سے قریب اور اخلاق حسنہ اور کمالات انسانی سے دُور ہوتے جائیں گے۔ ان آیات میں قرآن نے صرف اخلاقی نہیں بلکہ قانونی طور پر اسی کا انتظام کیا ہے اور اُحد کے بعد مسلمان جس نئی صورتِ حال سے دوچار ہوئے تھے اس کے تحت نئی ہدایات دی گئی ہیں۔ ان میں اولیت یتیموں کو دی گئی ہے۔ ان کے حقوق کا ذکر کیا گیا۔

## یتیموں کے مال کی حفاظت

اور یتیموں کے مال ان کے حوالے کردو اور اچھے مال کو بُرے مال سے نہ تبدیل کرو اور ان کا مال اپنے مالوں کے ساتھ ملا کر خورد برد نہ کرو بلاشبہ یہ بہت بڑا گناہ ہے۔ یعنی یتیم بچے جن کا باپ مرگیا ہو ان کے ولی اور سرپرست کو یہ

حکم ہے کہ جب وہ بالغ ہو جائیں تو ان کا مال ان کے سپرد کر دے اور زمانہ تولیت میں یتیموں کی کسی اچھی چیز کو لے کر اس کے معاوضہ میں بُری اور گھٹیا چیز ان کے مال میں شامل نہ کرے اور ان کے مال کو اپنے مال کے ساتھ ملا کر نہ کھائے۔ مثلاً ولی کو اجازت ہے کہ اپنا اور یتیم کا نقصان نہ ہونے پائے۔ یہ نہ ہو کہ اس شرکت کے بہانہ سے یتیم کا مال کھا جائے اور اپنا نفع کر لے۔ کیوں کہ یتیم کا مال کھانا سخت گناہ کی بات ہے۔ احکام متعلقہ ارحام میں یتیموں کے حکم کو شاید اس لیے مقدم کیا کہ یتیم اپنی بے سروسامانی، مجبوری، بے چارگی اور بے کسی کے باعث رعایت وحفاظت اور شفقت کا نہایت محتاج ہے۔ اور اسی اہتمام کی وجہ سے تبدیل اور شرکت کے نقصان کی بھی کھول کر ممانعت فرما دی۔ اور آئندہ متعدد آیات میں یتیموں کے چند احکام ارشاد ہوئے ہیں جن سے اہتمام مذکور ظاہر وباہر معلوم ہوتا ہے اور یہ تمام احکام اور تاکیدات سب یتیموں کے حق میں ہیں۔ البتہ وہ یتیم جو قرابت دار ہیں، ان کے بارے میں تاکید زیادہ شدت سے ہوگی اور وہی شانِ نزول ان آیات میں ذکر کیا گیا ہے۔ کیوں کہ یتیم بچہ کا وارث اکثر اس کا کوئی قریبی ہی ہوتا ہے۔

یتامیٰ یتیم کی جمع ہے اور اس سے مراد وہ بچے ہیں جن کا باپ زمانہ بلوغ سے پہلے مر گیا ہو۔ لغت میں دراصل ہر یگانہ کو یتیم کہتے ہیں۔ اسی سے الدرۃ الیتیمہ ہے یعنی ایسا موتی جو حسن وجمال میں بے مثال اور یگانہ ہو۔ صاحب قاموس نے یتیم کے معنے یگانہ اور نادر کے لکھے ہیں الیتیمہ الفرد وکل شیء یعنی نظیرہ یگانہ اور ہر ایسی چیز جو نادر الشال ہو۔ زمخشری رقمطراز ہیں کہ درہ یتیمہ بہت یتیم کے محاورات بے مثال اور نادر الوجود کے لیے بولے جاتے ہیں۔ بچہ بے باپ کے فرد ہو کر رہ جاتا ہے اس لیے وہ یتیم کہلاتا ہے۔ فقہا کی اصطلاح میں نابالغ بچہ جو باپ کے سائے سے محروم ہو جائے یتیم کہلاتا ہے۔ بالغ ہونے کے بعد وہ یتیم نہ کہلائے گا۔

اہلِ عرب میں یتامیٰ کی دیکھ بھال کا کوئی اہتمام نہ تھا۔ وہ اپنے باپ کی وراثت سے محروم رہتے تھے کیوں کہ چھوٹے بچوں کو وہ وراثت نہ دیتے تھے اور نہ ان میں عام طور پر یتیم بچوں کے ساتھ رحمت وشفقت کا جذبہ تھا۔ قرآن پاک میں ان کی اس سنگدلی کا بار بار ذکر آیا ہے۔

فذالك الذی یدع الیتیم یہی ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے۔

ایک اور آیت میں ان وارثوں کا نقشہ کھینچا ہے جو یتیموں کے جوان ہو جانے کے اندیشہ سے ان کے والد کی متروکہ جائداد پہلے ہی ہڑپ کر جاتے تھے۔

وتاکلون التراث اکلا لما مردے کا مال سمیٹ کر کھا جاتے ہو۔

CamScanner

## یتامیٰ کے متعلق اخلاقی ہدایات

اسلام سے پہلے اس واجب الرحم طبقہ کے ساتھ رحم وشفقت اوران کی امداد و پرورش کا ذکر بہت کم ملتا ہے۔ حضورانور صلی اللہ علیہ وسلم جب تک مکہ میں رہے یتیموں کے متعلق اخلاقی ہدایات فرماتے رہے اورقریش کے جفا پیشہ رئیسوں کواس بے کس گروہ پررحم وکرم کی دعوت دیتے رہے چنانچہ مکی آیات میں یہ تعلیمات وحی ہوتی رہیں۔دولت مندوں کوغریبوں کے ساتھ فیاضی کے سلسلے میں فرمایا کہ انسانی زندگی کی گھاٹی کو پار کرنا اصلی کامیابی ہے۔اس گھاٹی کو تم کیوں کر پار کرسکتے ہو،ظلم وستم کے گرفتاروں کی گردنوں کو چھڑا کر، بھوکوں کوکھلا کراور یتیموں کی خدمت کر کے:

او اطعام فی یوم ذی مسخبة یتیمًا ذا مقربة

بھوک والے دن میں کسی رشتہ داریتیم کوکھانا کھلاکر

نیک اورنیک بختوں کی تعریف میں فرمایا کہ وہ یہ ہیں:

ویطعمون الطعام علی حبه مسکینًا ویتیمًا واسیرًا

اوراس کی محبت کے ساتھ غریب،یتیم اورقیدی کوکھانا کھلاتے ہیں۔

## یتامیٰ کے بارے میں قانونی ہدایات

مدینہ میں آنے کے بعدان اخلاقی ہدایتوں نے قانون کی صورت اختیار کرلی۔اس سورت میں اس بے کس گروہ کے متعلق خاص قانونی ہدایات آئی ہیں۔اس آیت میں تین قانونی دفعات ہیں۔

اول: جولوگ یتیموں کے نگران اورمحافظ ہوں انہیں چاہیے کہ ان کا مال ان کودیانتداری کے ساتھ حوالے کردیں۔

دوم: ایسانہ کروکہ ان کی اچھی چیز کونا کارہ چیز سے بدل ڈالو۔

سوم: ان کا مال اپنے مال کے ساتھ ملا کرخورد برد نہ کرو۔

سب سے پہلی دفعہ کے لیے اصل ارشاد ہے کہ آتوا الیتامیٰ اموالھم اس میں اشارہ یتیموں کے اولیاء اورسرپرستوں کی طرف ہے اوراس کا عطف اوپر واتقو اللہ پر ہے۔یعنی تقویٰ کا اس موقعہ پر اولین تقاضایہ ہے کہ اے سرپرستواوراے متولیو!ان یتیموں کے مال ان کے بالغ ہونے پران کے حوالہ کردو اوراس کے لیے یہ ہرگز ضروری نہیں کہ تم ان کی جانب سے مطالبہ کا انتظار کرو۔

اسی قانون کی دوسری دفعہ یہ ہے کہ اچھی چیز کونا کارہ چیز سے نہ تبدیل کرو۔اصل ارشاد میں یہ الفاظ

ولاتتبدلواالخبیث بالطیب اصل معنے کے اعتبار سے اس فقرہ کا دائرہ اگرچہ بہت عام ہے اور بہت سے معنے ہوسکتے ہیں مثلاً کفر کو ایمان سے نہ تبدیل کرو یا بُری عادت کو اچھی عادت سے نہ بدلو یا بداخلاق عورت کو خوش اخلاق عورت سے نہ بدلو یا بُری تجارت کو اچھی تجارت سے نہ بدلو۔غرض الفاظ میں بڑی گنجائش ہے لیکن یہاں مطلب یہ ہے کہ یتیموں کے اچھے مال کو اپنے بُرے مال سے تبدیل نہ کرو۔ یہ بھی یتیم کے ولی کو ہدایت ہورہی ہے کہ یتیم جب تک تمہارے زیرتربیت ہے اوراس کا سرمایہ تمہارے قبضے میں ہے تمہیں اس کے سرمائے کی حفاظت کرنی ہے اور تمہیں اس کی قطعاً اجازت نہیں ہے کہ اس کے اچھے مال کو اپنے بُرے مال سے تبدیل کرلو۔ یعنی ایسا نہ ہو کہ ان یتیموں کے سرمائے میں سے اچھی چیز نکال کر اپنے مال میں ملالو اور اپنی طرف سے کوئی گھٹیا چیز ان کے سرمایہ میں رکھ دو۔

اسی قانون کی تیسری دفعہ یہ ہے کہ یتیموں کے مالوں کو اپنے اموال کے ساتھ ملا کر نہ کھاؤ اور خورد برد نہ کرو۔ارشاد کا اصل مدعا تو یتیم کے مال کو ناجائز طور پر کھانے سے روکنا ہے چاہے کسی صورت سے کھائے ملا کر کھائے یا علیحدہ لیکن چونکہ عموماً کھانے کے لیے طریقہ یہی اختیار کیا جاتا ہے کہ یتیموں کا مال اپنے مال میں شامل کرلیا کرتے تھے اس میں سے خود بھی کھاتے ہیں اور یتیم کو بھی کھلاتے ہیں اور سمجھتے یہ ہیں کہ ہم تو ان کی خدمت کررہے ہیں اور کام چونکہ بے حساب ہوتا ہے اس لیے ظاہر میں گرفت بھی کوئی نہیں۔قرآن نے یہاں اسی کمزوری کا ذکر کیا ہے اور تنبیہ فرمادی ہے کہ یتامیٰ کے اموال کا حساب بالکل علیحدہ رکھو اور اگر ملانا ہی ناگزیر ہو تو حساب صاف رکھو جس میں تمہیں یہ یقین ہو کہ یتیم کا مال تمہارے ذاتی خرچ میں نہیں آیا۔

## صحابہ اس تعلیم کا نمونہ تھے

قرآن کی اس تعلیم کا واقعات کی دنیا میں اگر مشاہدہ کرنا ہو تو صحابہ کرامؓ کو دیکھو۔انہوں نے صرف یہی نہیں کیا کہ یتیموں کو ان کا حصہ دینے اور ان کے مال و دولت میں نگرانی برتنے لگے بلکہ ان کی جائدادوں کی حفاظت میں فیاضی اور سیرچشمی کا پورا ثبوت دیا۔ایک بار حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی عدالت میں ایک یتیم کا مقدمہ آگیا۔یتیم نے ایک شخص پر نخلستان کے متعلق دعویٰ کیا مگر وہ دعویٰ ثابت نہ ہوسکا اور آپ نے وہ نخلستان مدعا علیہ کو دلا دیا۔وہ یتیم اس پر رو پڑا۔آپ کو رحم آیا اور مدعا علیہ سے فرمایا ''تم یہ کھجوروں کا باغ اس کو دے دو خدا تم کو اس کے بدلے جنت دے گا۔وہ اس قربانی پر راضی نہ ہوا۔ابولداخ ایک صحابی وہاں پر موجود تھے انہوں نے کہا تم اپنا کھجور کا باغ میرے کھجور کے باغ سے بدلیتے ہو؟ اس نے آمادگی ظاہر کی اور فوراً بدل دیا وہ باغ ابولداخ صحابی نے یتیم کے حوالہ کردیا۔ (جاری)

# آزادی اور تعمیر وطن میں مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کی بے مثال خدمات

ڈاکٹر پروفیسر ریاض احمد

جولائی کا مہینہ مادر ملت محترمہ فاطمہ جناحؒ کی ولادت اور رحلت کا مہینہ ہے۔ وہ 31 جولائی 1893ء کو بمبئے پریذیڈنسی کاٹھیاوار (موجودہ بھارتی گجرات) میں پیدا ہوئیں اور 1967ء میں جولائی کی 9 تاریخ کو 73 سال کی عمر میں عازم سفر آخرت ہوئیں۔ ان کی زندگی کا ایک بڑا حصہ تحریک پاکستان کی کامیابی اور آزادی کے بعد مہاجرین کی آبادکاری وتعمیر وطن کی جدوجہد کرتے ہوئے گزرا۔ محترمہ فاطمہ جناح کی ان خدمات کو پوری تفصیل کے ساتھ ہمارے LIVING LEGEND، معروف محقق وتاریخ دان پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد نے بڑی محنت کے ساتھ لکھا اور یہ تفصیلات قلم بند کرنے سے پہلے جمع کرنے کے لیے انہوں نے برطانیہ سمیت نگر نگر کی خاک چھانی، ہمارے قومی ہیروز میں محترمہ فاطمہ جناح کا مقام اولین ہے۔ انجمن فیض الاسلام کے صدر پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد نے مادر ملت کے یوم ولادت اور یوم رحلت کے حوالے سے اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ قیام پاکستان کی تحریک اور کامیابی کی تاریخ مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کے بغیر نامکمل ہے جنہوں نے تحریک سے لے کر قیام پاکستان اور اس کے بعد پاکستان کو اپنے پاؤں کے اوپر کھڑا کرنے میں نہایت اہم کردار ادا کیا۔ جولائی کا مہینہ محترمہ فاطمہ جناح کی ولادت کا مہینہ ہے اور اسی مہینے میں ان کی رحلت بھی ہوئی۔ 31 جولائی ان کا یوم ولادت اور 9 جولائی یوم رحلت ہے۔ انہوں نے محترمہ فاطمہ جناح کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہماری نوجوان نسل اور آنے والی نسلوں کے لیے لازم ہے کہ ہمیں آزادی دلانے والے قومی ہیروز کے کردار اور شخصیات سے وہ پوری آگاہی حاصل کریں۔

پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد نے کہا کہ مادر ملت ہمارے قائد محمد علی جناحؒ کا حوصلہ تھیں، جنہوں نے پاکستان کے مخالفین کی ریشہ دوانیوں کے خلاف اپنے بھائی کا بھرپور ساتھ دیا۔ یہ محترمہ فاطمہ جناح ہی تھیں جنہوں نے برصغیر پاک وہند کی خواتین کو فعال ومتحرک کیا اور ان کو بھی تحریک پاکستان کی جدوجہد میں شامل کیا۔ فاطمہ جناح نے اپنی ولولہ انگیز قیادت میں خواتین کو گھروں سے نکال کر مردوں کے شانہ بشانہ تحریک پاکستان میں شامل کیا اور کئی مواقع پر انہوں نے خواتین کی ریلیوں اور اجلاسات کی قیادت کی۔ انہوں نے ویمنز موومنٹ بنائی اور ہزاروں خواتین کو اس میں شامل

کیا جو مسلم لیگ کی قوت بن گئیں۔ محترمہ فاطمہ جناح نے ہی خواتین کو نیشنل گارڈز کی تربیت دی اور خواتین کی تعلیم و تربیت کے لیے متعدد تعلیمی ادارے بھی قائم کیے۔ پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد نے کہا کہ 1947ء میں اختیارات کی تقسیم کے دوران مادر ملت نے ویمن ریلیف کمیٹی تشکیل دی جو بعد میں آل پاکستان ویمنز ایسوسی ایشن میں ڈھلی۔ انہوں نے کہا کہ آزادی کے بعد بھارت سے لٹے پٹے آنے والے مہاجرین کی آبادکاری میں بھی محترمہ فاطمہ جناح نے اپنا کردار نہایت فعال طریقے سے نبھایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ محترمہ فاطمہ جناح نے 1962ء میں انجمن فیض الاسلام کا بھی خصوصی دورہ کیا تھا اور ادارے کو دیکھ کر کہا تھا کہ میرے بھائی یعنی قائداعظم محمد علی جناحؒ کے لگائے اس پودے کو پھلتے پھولتے دیکھ کر خوشی ہو رہی ہے۔ اس وقت محترمہ فاطمہ جناح نے انجمن کو 10000 روپے کی خطیر رقم چندہ دی تھی۔ رحلت کے بعد محترمہ فاطمہ جناح کو بابائے قوم کے پہلو میں الگ نشیبی جگہ پر دیگر اکابرین کے برابر آسودہ خاک کیا گیا۔

---

اللہ، رب العالمین نے فرمایا: (ترجمہ):۔

''میں تم میں سے کسی کا عمل ضائع کرنے والا نہیں، خواہ کوئی مرد ہو یا عورت۔ تم سب، ایک دوسرے کے ہم جنس ہو۔ جن لوگوں نے میری خاطر اپنا وطن چھوڑا، اپنے گھروں سے نکالے گئے، میری وجہ سے ستائے گئے، میرے لیے جنگ کی اور مارے گئے، میں ان کی ساری خطائیں معاف کردوں گا اور ان کو ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن، کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی''۔

[آل عمران، ۱۹۵]

# 14 اگست ۔ یومِ آزادی

لیفٹیننٹ کرنل میاں محمد جمیل اطہرؔ (ر)

وطن میں لوگ ہر سُو، خوشیاں منا رہے ہیں
فضا میں سبز ہلالی، پرچم لہرا رہے ہیں

قائد کی کاوشوں سے، آزادی ہوئی نصیب
ملّت کے مرد و زن، گُن اُن کے گا رہے ہیں

دھرتی پہ آج اپنی، اِک جشن کا سماں ہے
خوشی سے چہرے سب کے، جگمگا رہے ہیں

ہلچل سی ہے فضا میں، نعروں کی گونج سے
بچے، جواں اور بوڑھے، جذبہ دِکھا رہے ہیں

اس پاک سر زمین پہ، اب رحمت برس رہی ہے
باغِ ارم سے دیکھو، ملائکہ بھی آ رہے ہیں

شُہدا نے خوں سے اُپنے، دیئے تھے جو جلائے
عالم کو آج سارے، وہ روشن بنا رہے ہیں

خوشیوں کے گیت اطہرؔ، پرچم کے سائے تلے
وطن کے پاسباں سب، آج مل کے گا رہے ہیں

CamScanner

# گلزارِ دینہ

محمد شاہد رانا

جب بھی دینہ سے گزرتا تو میرا دل مچلتا کہ میں دینہ کے ریلوے اسٹیشن پر جاؤں جہاں چند سال قبل ہندوستان سے گلزار اپنا بچپن تلاش کرنے آئے تھے۔ دینہ کی ان گلیوں میں گھوموں جہاں گلزار کا بچپن گزرا اور ان لوگوں سے ملوں جو دینہ میں رہتے ہیں اور گلزار سے اُنس رکھتے ہیں۔ کئی مرتبہ کارسرکار کے سلسلہ میں دینہ سے گزر ہوا لیکن مچلتے دل کو اگلی مرتبہ کے وعدہ فردا پر ٹال کر دینہ سے گزر جاتا۔ پھر ایک روز میں نے ڈرائیور سے کہا کہ گاڑی دینہ کے ریلوے اسٹیشن کی طرف موڑ دو۔ اُس شام دینہ کے ریلوے اسٹیشن پر پہنچا تو مجھے گلزار کی دینہ ریلوے اسٹیشن سے جڑی یادوں کی خوشبو دینہ کے ریلوے پلیٹ فارم پر ہر سو بکھری نظر آئی۔ کچھ دیر میں پلیٹ فارم پر چہل قدمی کرتا رہا۔ شام کے سائے ڈھل چکے تھے۔ اسٹیشن ماسٹر کے دفتر کے سامنے کچھ لوگ ایک بینچ پر اور چند کرسیوں پر بیٹھے گپ شپ کر رہے تھے۔ دفعتاً مجھے خیال آیا کہ چھوٹے چھوٹے قصبوں کے ریلوے اسٹیشن مسافروں کے لیے تو بہت کم سہولیات کے حامل ہوتے ہیں البتہ مقامی لوگوں کے لیے ایک تفریحی مقام کے طور پر اپنا مقام قائم رکھے ہوئے ہیں۔ شام کے اوقات میں مقامی آبادی کے لوگ خراماں خراماں ریلوے پلیٹ فارم پر چلے آتے ہیں اور گھنٹوں گپ شپ کرنے کے ساتھ آتی جاتی ٹرینوں کو دیکھا کرتے ہیں۔ دینہ ریلوے اسٹیشن بھی مجھے ایسا ہی ایک تفریحی مقام لگا۔ اسی اثناء میں ایک ٹرین تیزی سے آئی اور دینہ ریلوے اسٹیشن پر رُکے بغیر گزر گئی۔ میرے ساتھ موجود سعید الحسن نے بتایا کہ راولپنڈی سے کراچی جانے والی اکثر ٹرینیں یہاں رکے بغیر گزر جاتی ہیں۔ اُس روز ہم دینہ ریلوے اسٹیشن سے گلزار کی خوشبو سمیٹتے ہوئے واپس لوٹ آئے۔

کچھ دن بعد کارسرکار کے سلسلہ میں دوبارہ جہلم جانا ہوا تو ہمدم دیرینہ کوثر حسین بلال اور ڈاکٹر عباداللہ ساجد کے ہمراہ جہلم تھے۔ کارسرکار کی انجام دہی کے بعد ہم بک کارنر جہلم گئے جہاں دو بھائیوں امر شاہد اور گگن شاہد نے خوبصورت و دیدہ زیب کتابوں کی اشاعت سے ''کتاب گھر'' سجا رکھا۔ یہاں سے ہم نے گلزار کی شاعری اور اُن

کے فن پر لکھی گئی کتب خریدیں۔ پھر دینہ کے اُس بازار گئے جس کی تنگ سی گلی میں گلزار کا شاندار آبائی گھر ہے۔ ہم نے بازار میں ایک دوکاندار سے گلزار کے گھر کی بابت معلوم کیا تو اُنہوں نے ہماری اُس گھر تک رہنمائی کی۔ جس کے درودیوار سے گلزار کی خوشبو آ رہی تھی۔ ہم نے اُس مکان کا دروازہ کھٹکھٹایا تو ایک آدمی باہر آیا۔ ہم نے اُس سے گلزار کے گھر دیکھنے کی خواہش کا اظہار کیا تو اس نے بخوشی گھر کے اندر جانے کی اجازت دے دی۔ لیکن جس گھر کو یادگاری حیثیت حاصل ہونی چاہئے تھی اب اس گھر کے مکینوں کی آپس کی تقسیم سے گھر کی ہیّت کچھ بدلی ہوئی سی لگی۔ گھر کا اندرونی منظر دیکھ کر قدرے مایوسی ہوئی کہ موجودہ مکینوں نے اس شاندار گھر کو اپنی ضرورت اور مجبوری کے سبب ایک بے ترتیب گھر میں بدل دیا ہے۔

سمپورن سنگھ کالرہ عرف گلزار دینہ کے اس گھر میں کب پیدا ہوئے اس حوالے سے شمع کاظمی نے ان کی ایک نظم کا حوالہ دیا ہے۔ شمع کاظمی لکھتی ہیں کہ سال پیدائش کا اہم حوالہ پلوٹو میں شامل ایک نظم سے بخوبی ہوتا ہے۔

چیسیس کی تاریخ پوچھ لو
کب کی مینوفیکچر ہے وہ
ورنہ اکثر ٹھگ لیتے ہیں گاڑی بیچنے والے
میری چیسیس کی تاریخ انیس سو چونتیس ہے۔

گلزار کے دینہ والے گھر سے نکل کر ہم دینہ کے اس سکول میں بھی گئے جسے دیکھنے کے لیے دینہ کے اپنے دورہ کے دوران گلزار بھی گئے تھے۔ یہ وہ سکول ہے جہاں گلزار نے اس وقت تعلیم حاصل کی جب وہ سمپورن سنگھ کالرہ تھے۔ دینہ کے اس سکول میں انہوں نے ٹاٹ پر بیٹھ کر ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ گلزار کے اصل نام کی نسبت سے اس سکول کے ایک حصہ کو اب ''گلزار کالرہ بلاک'' کا نام دیا گیا ہے۔ ہم کافی دیر تک سکول کے پرانے اور نئے حصہ میں گھومتے رہے۔ اس خوبصورت احساس کے ساتھ کہ یہیں کہیں قدرت نے سمپورن سنگھ کالرہ کو علم و ہنر سے گل و گلزار کیا۔ اور پھر وہ سمپورن سنگھ کالرہ پاکستان سے ہندوستان ہجرت کرنے کے بعد گلزار کے نام سے بحیثیت شاعر، افسانہ نگار و گیت نگار برصغیر پاک و ہند میں یکساں مقبول ہوا۔ گلزار (سمپورن سنگھ کالرہ) کے سکول کو دیکھنے کے بعد ہم دینہ کے مصروف بازار سے گزرتے ہوئے دینہ سے تقریباً دو کلومیٹر دور کرلاں گاؤں بھی گئے۔ جہاں گلزار کے والدین کی دینہ منتقل ہونے سے قبل آبائی حویلی تھی۔ کرلاں کی گلیوں میں گھومتے ہوئے ہم نے نو تعمیر شدہ مسجد کے ساتھ ایک پرانا

کنواں دیکھا جس سے کسی زمانے میں رسیوں کے ڈول ڈال کر پانی نکالا جاتا تھا۔لیکن اب کنویں میں پانی کھینچنے کے لیے بیسیوں الیکٹرک واٹر پمپس لگے تھے اور یوں قدیم وجدید ٹیکنالوجی کے امتزاج سے اہلیان کرلاں کے لیے پانی کی دستیابی کا سلسلہ جاری ہے دینہ اور کرلاں کے اس دورہ کے دوران ہمارے شعبہ کے متحرک کارکن محمد مبین نے ہمارے گائیڈ کا کردار ادا کیا۔

کرلاں سے واپسی پر میں نے محمد مبین سے پوچھا کہ جس بزرگ کے نام پر قصبہ دینہ کا نام رکھا گیا ہے ان کا مزار کس جگہ پر ہے تو محمد مبین نے بتایا کہ دین محمد شہید المعروف بابا دینہ کا مزار جی ٹی روڈ سے چند گز کے فاصلے پر ڈومیلی محلہ میں ہے۔جب آپ راولپنڈی واپسی کے لیے روانہ ہوں گے تو ان کا مزار جی ٹی روڈ کے بائیں طرف آئے گا۔ہم نے گاڑی جی ٹی روڈ سے منسلک سروس روڈ پر کھڑی کی اور قدرے تنگ راستے سے ہوتے ہوئے پیدل بابا دینہ کے مزار پر جا پہنچے اور بابا دین محمد شہید کے مزار پر فاتحہ خوانی کی۔جن کے بارے میں مشہور ہے کہ انہوں نے سلطان محمود غزنوی کے ہمراہ جذبہ جہاد سے سرشار ہو کر دینہ کے مقام پر جام شہادت نوش کیا اور ان کے نام کی نسبت سے یہ جگہ دینہ کہلانے لگی۔فاتحہ خوانی کے بعد ہم نے قدرے بلندی پر قائم بابا دینہ کے مزار کے احاطہ میں کھڑے ہو کر دینہ شہر کی آبادی کا جائزہ لیا۔جی ٹی روڈ پر واقع ہونے کی وجہ سے دینہ کی بڑھتی ہوئی آبادی کے سبب دور دور تک مکانوں کا سلسلہ نظر آیا جی ٹی روڈ پر واقع ہونے کی وجہ سے کاروباری لحاظ سے بھی دینہ کو خاص اہمیت حاصل ہے۔غلہ منڈی، سبزی منڈی، منگلا روڈ، ریلوے روڈ، مین بازار اور داتا روڈ اس کے اہم تجارتی مراکز ہیں بابا دین محمد شہید کے مزار پر فاتحہ خوانی کرنے کے بعد ہم واپس جی ٹی روڈ پر آ گئے شام ہو چکی تھی لیکن ابھی دینہ اور کرلاں کے بارے میں مزید جاننے کی خواہش باقی تھی تاہم، ہم سفر احباب کے مشورہ سے واپسی کے لیے رخت سفر باندھا اور دل ہی دل میں دوبارہ دینہ کے تفصیلی دورے کا پروگرام بنایا۔

اگلی مرتبہ دینہ کے دورہ کے دوران دینہ سے چند کلومیٹر آگے جہلم کے نواحی گاؤں کالا گجراں سے تعلق رکھنے والے ماہر عمرانیات چوہدری واجد حسین میرے ہمراہ تھے چوہدری واجد حسین نے بتایا کہ دینہ کو 2005ء میں تحصیل ہیڈکوارٹر کا درجہ دیا گیا۔تقسیم سے قبل یہاں ہندو اور سکھ آباد تھے۔جن کے قدیم مکانات اب مختلف جگہوں پر دیکھے جا سکتے ہیں۔جبکہ پٹوار خانہ، سرائے اور چند دیگر قدیم عمارات آج بھی دینہ کی قدامت کی گواہی دیتی نظر آتی ہیں۔دینہ کے مشہور محلوں میں محلہ شیخاں، محلہ معصوم شاہ، مولا کوثر آباد، میانہ محلہ، ڈومیلی محلہ، نور محلہ، محلہ لال شاہ بخاری اور

محلہ تاج پوری وغیرہ شامل ہیں۔ چوہدری واجد حسین نے مزید بتایا کہ اب قائداعظم ٹاؤن، اقبال ٹاؤن اور لیاقت ٹاؤن کے نام سے نئی آبادیاں بھی اس کا حصہ بن چکی ہیں۔ جبکہ مفتیاں اور ٹھیکریاں کے دیہات بھی دینہ کی آبادی کے ساتھ جڑے نظر آتے ہیں۔ جبکہ سرکاری سطح پر گورنمنٹ الطاف حسین گریجویٹ کالج اور فاطمہ جناح کالج قائم ہونے کے ساتھ ساتھ کئی سرکاری اور پرائیویٹ سکول اور پرائیویٹ کالج بھی قائم ہو چکے ہیں۔ دینہ میں طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے سرکاری سطح پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال قائم ہے جبکہ کئی چھوٹے بڑے پرائیویٹ ہسپتال بھی قائم ہو چکے ہیں۔

اس دورہ کے دوران ہم دوبارہ کرلاں گئے اور کرلاں کی مختلف گلیوں اور گلزار کی آبائی حویلی والی گلی سے گزرتے ہوئے سید واجد علی شاہ کے مزار پہ پہنچے۔ کرلاں کے مغرب میں واقع مدفون بزرگ کے معتقدین نے سید واجد علی شاہ اوران کے ساتھ مدفون افراد کے مرقدوں کو خوبصورتی سے سجایا ہوا تھا۔ ہم نے وہاں فاتحہ خوانی کی اور پھر واپس کرلاں کی گلیوں میں کچھ دیر گھومنے کے بعد دینہ واپس لوٹ آئے۔ وہی دینہ جس کے بارے میں گلزار نے کہا تھا کہ:

ذکر جہلم کا، بات ہے دینے کی
چاند پکھراج کا، رات پشمینے کی

دینہ کی محبت گلزار کو 2013ء میں دینہ کھینچ لائی۔ ڈاکٹر انور نسیم نے دینہ میں گلزار کی آمد کا احوال یوں بیان کیا کہ ''اہل دینہ کو تو اس بات پہ بے انتہا خوشی بھی ہے اور فخر بھی کہ گلزار صاحب اپنی جنم بھومی ''دینہ'' تشریف لائے۔ دینہ میں ان کا وقت بہت اچھا گزرا۔ ریلوے سٹیشن پر انہوں نے بچپن کی یادیں تازہ کیں۔ پھر اپنے آبائی گھر گئے۔ یہ تمام تجربات اور مشاہدات انتہائی Emotional تھے۔ لوگوں نے بڑی محبت سے ان کا استقبال کیا۔ انہیں مٹھائی پیش کی۔ گلزار ان گلیوں میں گھومتے رہے جہاں ان کا بچپن گزرا تھا۔ اپنے گھر کے اندر گئے اور پھر وہاں سے اپنے سکول روانہ ہوئے۔ وہاں بھی ان کا بڑے جوش وخروش سے استقبال کیا گیا۔ سکول کے اساتذہ اور پرنسپل پھولوں کے ہار لیے ان کے منتظر تھے۔ اتنے برسوں بعد اپنے پرانے سکول اور اس کا ''گلزار کالرہ بلاک'' دیکھنا اور اہل دینہ کا اتنی محبت سے استقبال؛ ان کی لیے انتہائی Emotional تجربہ تھا۔ سکول سے رُخصت ہوتے وقت وہ بہت اُداس نظر آئے۔ گلزار شاید چھ گھنٹے ''دینہ'' میں رہے اور قیام کے درران برادرم ایوب خاور، ڈاکٹر ظفر حسن، نصیر احمد ناصر اور گل شیر بٹ قدم بہ قدم ان کے ہمراہ رہے''۔

اپنی کتاب ''گریادرہے'' کا انتساب گلزار نے گل شیر بٹ کے نام کیا ہے جبکہ اسی کتاب میں نصیر احمد ناصر

کی شاعری کو سراہتے ہوئے گلزار اپنی جنم بھومی دینہ کے دورہ کی مختصر روداد یوں بیان کرتے ہیں۔

''ایک بار وقت نے پہلو بدلا۔ میں لاہور گیا اور پانچ گھنٹے کا سفر کر کے ''جہلم کا پُل گزر کے'' دینہ'' پہنچا۔ اپنا پیدائشی گھر دیکھنے اپنے جنم کی مٹی چھونے۔ میں آٹھ سال کا تھا جب نکلا ستر سال کے بعد لوٹا! دینہ اسٹیشن پر گیا کچھ احباب ملے ایک شخص نے آگے بڑھ کر اپنا تعارف کروایا میں نصیر احمد ناصر۔۔ میں دیکھتا رہ گیا۔۔۔۔۔ زندگی کتنی سخی ہے جو ایسے دوست دیتی ہے اور ایسے شاعر!!

میں رہتا اس طرف ہوں یار کی دیوار کے لیکن
میرا سایہ ابھی دیوار کے اُس پار گرتا ہے
بڑی کچی سی سرحد ایک اپنے جسم و جان کی ہے

شاید ہی کوئی دوسرا شاعر ہو جس نے گلزار ایسی شدّت سے اپنی جنم بھومی کو یاد رکھا ہو جو تڑپ اپنے آبائی قصبہ دینہ کے حوالے سے گلزار کے اندر موجزن ہے اس کا اظہار اُنہوں نے کھل کر اپنی نظموں میں کیا اور کسی تصنع و بناوٹ کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے اپنے بچپن اور دینہ کی یادوں کو زندہ جاوید کر دیا۔ گلزار کے سینہ میں دینہ یوں دھڑکتا ہے جیسے کسی عاشق کا اپنے محبوب کے نام پر دل دھڑکتا ہے۔ ''دینہ'' کے عنوان کے تحت لکھی گئی گلزار کی نظم کا پہلا بند ملاحظہ کیجئے:

میں واگھا سے چلا تھا
زمینوں پر کھنچے خانوں میں
''سٹاپوں'' کھیلتا اور پار کرتا
دُھویں کی گاڑی میں ''جہلم'' کا پُل گزرا
میں ''کالووال'' سے منگلا کے پیچھے کی طرف نکلا
جہاں ''کرُلاں'' سے لگتا شہر ''دینہ'' ہے
وہاں پیدا ہوا تھا میں

گلزار کی بیٹی میگھنا گلزار لکھتی ہیں کہ ''اُن کے بچپن کے جو خاکے ان کے ذہن میں گہرے نقش ہیں وہ ان کے گاؤں دینہ، جہلم پاکستان کے ہیں جہاں وہ پیدا ہوئے تھے''۔

دینہ اب بھی گلزار کے خوابوں میں آتا ہے۔دینہ میں گزرے ایام اور دینہ کے آس پاس موجود مقامات اب بھی اسکے خوابوں میں اکثر آتے ہیں وہ دینہ سے جڑے اپنے خواب ہر ایک کو دکھانا چاہتا ہے اور دینہ کو اپنا وطن قرار دیتے ہوئے اس حسرت کا اظہار بھی کرتا ہے کہ اب وہ اس کا ملک نہیں رہا۔گلزار اپنی ایک نظم ''اگر ایسا بھی ہو سکتا'' میں دینہ کے حوالے سے اپنے خوابوں کا احوال یوں بیان کرتا ہے۔

اگر ایسا بھی ہو سکتا
تمہاری نیند میں سب خواب اپنے منتقل کر کے
تمہیں وہ سب دکھا سکتا، جو میں خوابوں میں اکثر دیکھا کرتا ہوں!
یہ ہو سکتا اگر ممکن
تمہیں معلوم ہو جاتا
تمہیں میں لے گیا تھا، سرحدوں کے پار دینہ میں
تمہیں وہ گھر دکھایا تھا۔۔۔ جہاں پیدا ہوا تھا میں
جہاں چھت پر لگا سریوں کا جنگلا، دھوپ سے دن بھر
میرے آنگن میں شطرنجی بناتا تھا، مٹاتا تھا
دکھائی تھی تمہیں وہ کھیتیاں سرسوں کی دینے میں، کہ جس کے
پیلے پیلے پھول تم کو خواب میں کچے کھلائے تھے
وہی ایک رستہ تھا ''ٹالہیوں'' کا جس پہ میلوں تک پڑا کرتے تھے
جھولے سوندھے ساون کے
اُسی کی سوندھی خوشبو سے، مہک اٹھتی ہیں آنکھیں
جب کبھی اس خواب سے گزروں
تمہیں رہتاس کا چلتا کنواں، بھی تو دکھایا تھا
قلعے میں بند رہتا تھا جو دن بھر، رات کو گاؤں میں آجاتا تھا، کہتے ہیں
تمہیں کالا سے کالو وال تک لے اُڑا ہوں میں

تمہیں دریائے جہلم پر عجب منظر دکھائے تھے

جہاں تربوز پر لیٹے ہوئے تیراک لڑکے بہتے رہتے تھے

جہاں تنگڑے سے اک سردار کی پگڑی پکڑ کر میں

نہاتا، ڈبکیاں لیتا، مگر جب غوطہ آجاتا تو میری نیند کھل جاتی

مگر یہ صرف خوابوں میں ہی ممکن ہے

وہاں جانے میں اب دشواریاں ہیں کچھ سیاست کی

وطن اب بھی وہی ہے، پر نہیں ہے ملک اب میرا

وہاں جانا ہو اب تو دو دو سرکاروں کے دسیوں دفتروں سے

شکل پر، لگوا کر مہریں، خواب سچ ثابت کرنے پڑتے ہیں!!

---

ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، کہنے لگا: یارسول اللہؐ: میرا دل بہت ہی سخت ہے۔ اس کا کیا علاج کروں''۔؟ آپؐ نے فرمایا: یتیموں کے سر پر شفقت سے ہاتھ پھیرا کرو، اور غریبوں کو کھانا کھلایا کرو''۔

[مسند احمد بن حنبل]

---

رونق از ما محفلِ ایام را

او رسل را ختم وما اقوام را

(اقبالؒ)

---

# یوسف ہارون

[ یوسف ہارون 1918ء میں کراچی میں پیدا ہوئے اور کراچی میں ہی تعلیم حاصل کی۔ ۱۹۳۸ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے سیاسی زندگی کا آغاز کیا۔ سندھ مسلم نیشنل گارڈ کے سالار ہوئے۔ ۱۹۴۱ء سے ۱۹۴۷ء تک انڈین لیجسلیٹو اسمبلی کے رکن رہے۔ پاکستان کی دستور ساز اسمبلی کے رکن رہے اور پاکستان مسلم لیگ میں مختلف عہدوں پر فائز رہے۔ ان کا شمار تحریک پاکستان کے بزرگ رہنماؤں اور قائد اعظم کے رفقاء میں ہوتا ہے۔ یہ انٹرویو ۲۰۰۳ء نے پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد کے ایماء پر خواجہ رضی حیدر اور صفیہ ملک نے ان کے گھر واقع سی فیلڈ میں ریکارڈ کیا۔]

محترم قارئین کرام!

صوبہ سندھ کی مخیر سیاسی وسماجی شخصیت الحاج سر عبداللہ ہارون کا شمار برصغیر پاک وہند میں تحریک آزادی کی بنیادی ومرکزی رہنماؤں میں ہوتا ہے۔ آپ نے نہ صرف آل انڈیا مسلم لیگ کو مسلمانوں کی ایک نمائندہ سیاسی جماعت بنانے میں سرگرم کردار ادا کیا بلکہ تحریک خلافت اور تحریک پاکستان کے لیے بھی دامے درمے سخنے اہم خدمات سرانجام دیں۔ سر عبداللہ ہارون کے بڑے صاحبزادے یوسف ہاروں کا شمار قائد اعظم محمد علی جناح کے نوجوانوں رفقا اور تحریک پاکستان کے اہم رہنماؤں میں ہوتا ہے۔ انہوں نے قیام پاکستان کے بعد قومی سیاست میں حصہ لیا مگر بہت جلد عملی سیاسی سیاست سے کنارہ کش ہو گئے۔ یوسف ہارون سے ہماری ملاقات اس تاریخی مکان میں ہوئی جو ''سی فیلڈ'' کے نام سے کراچی میں موجود ہے۔ تقریباً پچاس برس کے رہنما یوسف ہارون نے نہ صرف بڑی گرم جوشی سے ہمارا خیر مقدم کیا بلکہ دوران گفتگو کسی لمحے بھی اپنی شخصیت کو ہم پر مسلط کرنے کی کوشش نہیں کی۔ نہایت خوشگوار انداز میں ہمارے سوالات کے جوابات دیتے رہے۔ ہم نے جب ان سے دریافت کیا کہ انہوں نے مادر

ملت محترمہ فاطمہ جناح کو پہلی مرتبہ کب اور کہاں دیکھا تو انہوں نے یوں گفتگو شروع کی:

''میں نے محترمہ فاطمہ جناح کو اپنی کم عمری میں پہلی مرتبہ دیکھا تھا۔ میرے والد ہندوستان گیر سطح پر ایک معروف سیاسی رہنما تھے لہٰذا ان کے قائداعظم محمد علی جناحؒ سے بہت قریبی مراسم تھے۔ ۱۹۳۶ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس بمبئی میں منعقد ہو رہا تھا لہٰذا میں اپنے والد کے ساتھ اس اجلاس میں شرکت کے لیے بمبئی گیا تھا۔ اس وقت میری عمر تقریباً اٹھارہ سال تھی۔ قائداعظم نے اجلاس کے بعد رات کو میرے والد کو کھانے پر بلایا تھا۔ اس دوران وہ زیادہ تر سیاسی گفتگو کرتے رہے۔ میں چونکہ ایک ایسے خانوادے سے تعلق رکھتا تھا جو نہ صرف سندھ میں ہر دلعزیز تھا بلکہ اپنا ایک سیاسی تشخص رکھتا تھا اس لیے کھانے کی میز پر ہونے والی بیشتر باتیں میرے لیے اجنبی نہیں تھیں۔ اکثر ناموں سے میرے کان آشنا تھے اور کچھ سے ملاقات بھی ہوئی تھی مگر ادب کا تقاضہ یہ تھا میں خاموش بیٹھا رہوں''۔

''محترمہ فاطمہ جناح کی اس زمانہ میں قائداعظم کی ہمشیرہ کی حیثیت سے ایک شناخت تو تھی لیکن ان کا عوامی تعارف نہیں تھا۔ یوں بھی وہ حال ہی میں کئی سال لندن میں رہنے کے بعد ہندوستان آئی تھیں اس لیے شاید وہ وقت نہیں آیا تھا جہاں محترمہ فاطمہ جناح کسی سیاسی جدوجہد کا حصہ بنتیں''۔

''اس دن وہ کھانے کی میز پر موجود تھیں۔ میرے والد اور مجھ سے بہت محبت سے ملیں۔ میرے والد سے چونکہ ان کی ملاقات بھی تھی لہٰذا انہوں نے میری والدہ لیڈی نصرت ہارون کی خیریت دریافت کی۔ زیادہ وقت وہ خاموش رہیں اور میز پر ہونے والی گفتگو کو بڑے غور سے سنتی رہیں۔ کبھی کبھی قائداعظم ان کو مخاطب کر کے کسی بات کی تائید طلب کرتے تو وہ مسکرا کر گردن ہلا دیتی تھیں''۔

''محترمہ فاطمہ جناح کے بارے میں ایک تاثر یہ دیا گیا ہے کہ وہ بدمزاج اور رعونت زدہ تھیں لیکن میں نے ان کو کبھی ایسا نہیں پایا۔ ایسے افراد کے بارے میں یہ تاثر عام ہو جاتا ہے کہ وہ بدمزاج ہیں لیکن محترمہ فاطمہ جناح اپنے بھائی قائداعظم کی طرح دوسروں کے موقف کو بہت سکون سے سنتی تھی اور پھر اپنی رائے دیا کرتی تھیں۔ وہ سخت گیر تھیں مگر یہ سخت گیری بھی ان کا مجموعی مزاج نہیں تھی''۔

''تحریک پاکستان کے دوران قائداعظم محمد علی جناح جب کراچی تشریف لاتے تو ہمارے ہی گھر میں قیام کیا کرتے تھے اور عموماً ان کے ساتھ محترمہ فاطمہ جناح ہوتی تھیں اسی تحریک کے دوران مجھ کو محترمہ فاطمہ جناح کو بہت قریب سے دیکھنے کا موقع ملا۔ دراصل اس زمانہ میں کراچی میں اقامتی ہوٹل بہت کم ہوا کرتے تھے اور جو تھے وہ اتنے

معیاری نہیں تھے کہ قائداعظم جیسے رہنما وہاں قیام کرسکیں۔ ہمارا گھر بہت وسیع، کشادہ تمام اسائشوں سے مرصع تھا اس لیے قائداعظم کے علاوہ بھی تمام اہم رہنما ہمارے گھر پر ہی قیام کرتے تھے''۔

''جس زمانہ میں محترمہ فاطمہ جناح ہمارے گھر مقیم ہوتی تھیں ہمارے گھر کی خواتین کا زیادہ وقت محترمہ فاطمہ جناح کے ساتھ گزرتا تھا۔ دن میں ہم قائداعظم کے ساتھ اجلاسوں اور میٹنگوں میں شریک ہوا کرتے تھے اور شام کو بیشتر وقت محترمہ فاطمہ جناح کے ساتھ گزارا کرتے تھے''۔

میری والدہ کی محترمہ فاطمہ جناح سے بہت دوستی تھی۔ دونوں خواتین جلسوں میں ایک ساتھ شریک ہوتی تھیں۔ خاص طور پر خواتین کے اجلاسوں میں میری والدہ اور محترمہ فاطمہ جناح تقریر بھی کیا کرتی تھیں۔ محترمہ فاطمہ جناح نے ۱۹۴۳ء میں پہلی دفعہ بلوچستان کا دورہ میری والدہ کے ساتھ اور وہاں خواتین کے اجتماعات سے خطاب کیا تھا۔ میں دیکھتا تھا کہ محترمہ فاطمہ جناح اور ہمارے خاندان کی خواتین جب یکجا ہوتی تھیں تو ان کا موضوع گفتگو تحریک پاکستان ہوتا تھا۔ ان خواتین کی قلبی خواہش تھی کہ مسلم خواتین کو تحریک پاکستان میں زیادہ سے زیادہ شریک کیا جائے۔ سر غلام حسین ہدایت اللہ کی بیگم، لیڈی انوار حسین ہدایت اللہ، میری والدہ اور محترمہ فاطمہ جناح میں باہم بڑی یگانگت ومحبت تھی۔ وہ ایک دوسرے کو تحائف بھی دیا کرتی تھیں۔ جس طرح ہم لوگ قائداعظم سے دن بھر کی سرگرمیوں پر شام کے اوقات میں گفتگو کیا کرتے تھے اسی طرح یہ خواتین محترمہ فاطمہ جناح سے صوبہ سندھ میں مسلم خواتین کی سرگرمیوں کے حوالے سے بات کیا کرتی تھیں۔ بات یہ ہے کہ آل انڈیا مسلم لیگ کی خواتین سب کمیٹی کی شاید تمام خواتین ارکان نے یہ طے کیا تھا کہ حصول پاکستان تک ان کی مصروفیت صرف تحریک پاکستان ہی تک محدود رہے۔ جب محترمہ فاطمہ جناح ہمارے گھر قیام کرتی تھیں تو پورے سندھ سے خواتین کے وفود ان سے ملنے آتے تھے۔ ہمارے گھر کے تمام افراد اپنے سیاسی نصب العین سے پوری طرح واقف تھے اس لیے ہر وقت مسلمانوں کی بہتری کے بارے میں تحریک پاکستان کے بارے میں اور ہندوستان کی مجموعی سیاست کے بارے میں گفتگو ہوا کرتی تھی۔ اب سوچتا ہوں تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں ہم شاید ذاتی گفتگو اور نجی مصروفیات سے مکمل طور پر دست کش ہو گئے تھے''۔

''قائداعظم جب ہمارے گھر مقیم ہوتے تھے تو ان کے لیے بہت سادہ اور ہلکا کھانا تیار ہوتا تھا۔ وہ گوشت نہیں کھاتے تھے۔ عموماً اُبلا ہوا کھانا ہوتا تھا یا سبزیاں پکتی تھیں۔ قائداعظم مرچ مصالحہ والے کھانے سے پرہیز کرتے تھے جبکہ محترمہ فاطمہ جناح ہر قسم کا کھانا کھاتی تھیں۔ ان کو مچھلی چاول بہت پسند تھے اور ہمارے گھر مچھلی چاول

سندھی طرز کے پکا کرتے تھے''

''محترمہ فاطمہ جناح اور قائداعظم کو بچوں سے لگاؤ تھا۔ خاص طور پر قائداعظم تو بچوں کے ساتھ بڑی شفقت سے پیش آتے تھے۔ وہ عموماً جہاں بچوں سے ان کی تعلیم کے بارے میں دریافت کرتے تھے وہاں ان سے تحریک پاکستان اور ملک کی صورتحال کے بارے میں بھی سوال کیا کرتے تھے۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ ہمارے گھر کا کون سا بچہ تھا جس سے قائداعظم اور محترمہ فاطمہ جناح زیادہ گفتگو کیا کرتے تھے تو میں یہ عرض کردوں کہ اول تو بچوں کو اجازت ہی نہیں تھی کہ وہ مہمانوں سے بلا جواز ملاقات کرسکیں لہذا وہ مہمانوں کی طرف جاتے نہیں تھے۔ اس وقت میری بہن زینت اور سعید ہارون بہت چھوٹے تھے چنانچہ وہ ہی اکثر قائداعظم کے پاس جاتے تھے اوران سے باتیں کرتے تھے''۔

''محترمہ فاطمہ جناح کے بارے میں اگر یاداشت پر زور دوں تو یہ بہت سے واقعات یاد آسکتے ہیں مگر اسکی ضرورت کیا ہے۔ واقعات سنانے سے بات نہیں بنتی ہے اصل چیز اس مقصد تک رسائی حاصل کرنا ہے جس کے لیے فاطمہ جناح اپنی آخری سانس تک بے چین رہیں اور وہ مقصد تھا پاکستان کا استحکام، عوام کی خوشحالی اور قائداعظم کے بتائے ہوئے اصولوں پر عمل درآمد۔ تاریخ واقعات سے ترتیب ضرور پاتی ہے لیکن ان واقعات میں مضمر پیغام اہمیت رکھتا ہے۔ ہم نے واقعات کو تاریخ سمجھ لیا ہے اور اس پیغام کو نظر انداز کردیا ہے جو ان واقعات کی روح ہے''۔

میں ۱۹۶۴ء میں ملک سے باہر چلا گیا تھا جس کی بناء نہ ہی میں محترمہ فاطمہ جناح کی انتخابی مہم دیکھ سکا اور نہ ان کی تدفین میں شریک ہوسکا۔ اور شاید یہ اچھا ہی ہوا ورنہ مجھ کو بھی دیگر رہنماؤں کی طرح ضمیر کی ندامت کا شکار ہونا پڑتا۔ البتہ آج بھی ان کے اس فیصلہ کی تائید کرتا ہوں کیونکہ یہ فیصلہ ملک اور قوم کے مفاد میں تھا۔ وہ اگر بحیثیت صدارتی امیدوار ایوب خان کے مقابلے میں انتخابات میں کھڑی نہ ہوتیں تو ہم کبھی بھی ملک جمہوریت کے قیام کا مطالبہ کرنے میں حق بجانب نہ ہوتے۔ محترمہ فاطمہ جناح نے جو شمع جمہوریت روشن کی تھی وہ آج بھی ہمارے دلوں میں روشن ہے''۔

''محترمہ فاطمہ جناح اور قائداعظم کے مزاج میں یقیناً ایک مماثلت موجود تھی لیکن اسکے باوجود قائداعظم ایک مختلف شخص تھے اور محترمہ فاطمہ جناح ایک مختلف عورت تھیں۔ قائداعظم نہایت مضبوط اعصاب کے مالک تھے جبکہ محترمہ فاطمہ جناح عورت ہونے کے ناتے اپنے مزاج میں نرم واقع ہوئی تھیں۔ کچھ عادتیں یقیناً یکساں تھیں مگران

CamScanner

سے مجموعی مزاج کا تعین نہیں کیا جا سکتا''۔

''محترمہ فاطمہ جناح نے قائداعظم کے انتقال کے فوراً بعد مجھے طلب کیا اور کہا کہ قائد کی تجہیز و تکفین کے انتظامات تمہاری ذمہ داری ہیں چنانچہ میں نے کراچی کے ایڈمنسٹریٹر سید ہاشم رضا کو بیرونی انتظامات سپرد کیے اور خود میت کو غسل دینے کا فریضہ انجام دیا۔ اس موقع پر میرے ساتھ محمد علی رنگون والا بھی موجود تھے۔ یہ میرے لیے ایک بہت بڑا اعزاز تھا جس کے لیے میں اپنی آخری سانس تک محترمہ فاطمہ جناح کا احسان مند رہوں گا''۔

قائداعظم کا انتقال اور ان کی تدفین ایک بہت بڑا سانحہ تھا۔ پوری قوم رو رہی تھی۔ میں بھی رو رہا تھا۔ میں ٹوٹ گیا تھا اور مجھے ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے پاکستان کے جہاز کو طوفان نے آلیا ہو اور وہ ہچکولے کھا رہا ہو''۔

''اس سانحہ کا سب سے زیادہ صدمہ محترمہ فاطمہ جناح کو تھا۔ ان کے عظیم بھائی ان سے بچھڑ گیا تھا مگر انہوں نے صبر کا دامن نہیں چھوڑا۔ بس ساکت آنکھوں سے سب کچھ دیکھتی رہیں۔ ایسی صورت میں مجھ میں اتنی ہمت ہی پیدا نہیں ہو سکی کہ میں ان سے قائداعظم کے انتقال پر دو حرف تعزیت کے کہہ سکوں''۔

---

''تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے اللہ کا اُن سے یہ وعدہ ہے کہ زمین پر انہیں حکومت اور اقتدار عطا کرے گا، جیسے ان سے پہلوں کو دیا تھا۔ اور جو دین کے لیے لیے پسند کیا ہے اسے مضبوط کرے گا۔ ان کے خوف کو امن اور طمانینت سے بدل دے گا''۔ [القرآن نور، آیت: ۵۵]

---

CamScanner

# اطلاعات انجمن

مرتب: تاج محمد جان

## ماہِ جشن آزادی

اگست وطن عزیز کی آزادی کا ماہ ہے۔اگست کا ایک مطلب تو انگریزی سال کا آٹھواں مہینہ ''اگست'' ہے۔ اس کا ایک اور بلکہ کئی دیگر معنی بھی ہیں۔جشن آزادی اور انجمن فیض الاسلام پر بات کرنے سے پہلے کیلنڈر سے ہٹ کر اگست کے دوسرے معانی جان لینا دلچسپی سے خالی نہیں۔اگست AUGUST کا اردو میں مطلب یا معنی عالی شان کے ہیں۔اونچی شان والا ،جلیل القدر، مہربانی، بلند بخت اور عزت والا اور اسی نوع کے دیگر الفاظ کو جملوں کے اندر بیان کرنا ہو تو انگریزی زبان میں AUGUST ان صفات کے اظہار کے لیے بلاتردد استعمال کیا جاسکتا ہے۔وطن عزیز پاکستان کی آزادی اور ماہِ اگست کے تعلق پر غور کیا جائے تو جو واسطہ کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ کو تحریک پاکستان کی جدوجہد کے ساتھ تھا اسی تعلق یا واسطے کو قدرت کاملہ نے پاکستان کی آزادی اور لفظی معانی کے باوصف اگست کے مہینے کے ساتھ جوڑ دیا۔میں یہاں ایک انگریزی جملہ چھوڑ رہا ہوں جس کے معانی وتشریح میں صاحبان علم وآگاہ پہلی دفعہ بلند ہونے والے نعرے ''پاکستان کا مطلب کیا، لا الہ الا اللہ سے لے کر 14 اگست 1947ء تک کی جدوجہد اور اس کے نتیجے پر فکر و دانش اور علم وعمل کی ایک ندی بہا سکتے ہیں۔جملہ یہ ہے کہ (THE PAKISTAN IS AN AUGUST COUNTRY) کائنات کی سب سے بڑی شان وعزت والے کلمے سے جڑے نعرے کو واقعی بڑی عزت ملی ورنہ تاریخ میں بڑے بڑے لیڈروں اور دانشوروں کا کہا محفوظ ہے کہ پاکستان کا قیام ناممکن ہے۔

14 اگست 1947ء ہماری آزادی کا دن ہے۔پاکستان کے قیام سے چار سال قبل انجمن فیض الاسلام کا قیام بھی بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کی مرضی ومنشاء اور حکم کے مطابق عمل میں آیا۔شروع دن سے انجمن کو مخلص اور بلند پایہ نابغہ روزگار شخصیات کی سرپرستی حاصل رہی ہے۔انجمن فیض الاسلام میں ہر سال یوم جشن آزادی کی تقریب پورے تزک واحتشام کے ساتھ منائی جاتی ہے جس میں مجلس منتظمہ، اراکین اور انجمن کے تعلیمی اداروں کے اساتذہ کرام اور طلبہ کی بڑی تعداد شریک ہوتی ہے۔اس روز طلبہ کو پاکستان کی تحریک، آزادی اور تحریک آزادی کے ہیروز کے کردار وعمل کے موضوع پر اظہار کے مواقع دیئے جاتے ہیں۔جشن آزادی کی یہ تقریبات فیض آباد مرکز کے علاوہ نیو کیمپس مندرہ

CamScanner

اور دو بیرن کلاس میں بھی منعقد ہوتی ہیں۔ان کا مقصد نوجوان نسل کو تحریک پاکستان کے دوران ہمارے اسلاف کی جانب سے دی جانے والی قربانیوں کو یاد کرنا اور انہیں خراج تحسین پیش کرنا ہوتا ہے۔یہیں سے آزادی کی قدر و قیمت بھی اجاگر ہوتی ہے اور بچے اپنے قومی ہیروز کے کردار و عمل سے آگاہی حاصل کرتے ہیں۔اس سال بھی یوم جشن آزادی کے موقع پر یہ تقریبات منعقد ہونگی جن میں بچوں کی تقاریر، سرکہانیاں، ملی نغمے اور خاص طور پر صدر انجمن پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد جیسے بڑے تاریخ دان کی زبانی تحریک پاکستان کے مختلف مراحل کے چھپے گوشے پیش کئے جائیں گے۔

## انجمن کے تعلیمی اداروں کے اساتذہ کی پیشہ ورانہ مہارت میں اضافے کے لیے تربیتی ورکشاپ

انجمن فیض الاسلام کے تعلیمی اداروں میں علم کا نور بانٹنے والے اساتذہ کرام کی پیشہ ورانہ مہارت اور جدید طریقہ ہائے تدریس سے ان کو آگاہ کرنے کے لیے ہر سال تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا جاتا ہے۔اس سال اساتذہ کے لیے یہ تربیتی ورکشاپ 4 اگست سے شروع ہوگی۔فیض الاسلام ماڈل سیکنڈری سکول فیض آباد مرکز کے پرنسپل شبیر احمد ستی نے بتایا کہ یہ ورکشاپ فیض آباد مرکز میں منعقد ہوگی جس میں فیض آباد، مندرہ، ٹرنک بازار، دو بیرن کلاں اور دیگر مراکز میں موجود سکولوں کے اساتذہ شرکت کریں گے ۔ اساتذہ کرام کی پیشہ ورانہ مہارتوں میں اضافے اور انہیں درس و تدریس کے جدید طریقوں سے آگاہ کرنے کے لیے یہ ورکشاپ ہر سال منعقد ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ ورکشاپ 4 اگست کو شروع ہوگی اور 8 اگست تک جاری رہے گی۔ورکشاپ کے اختتامی روز ایک سادہ مگر پروقار تقریب منعقد ہوگی جس میں تربیت حاصل کرنے والے اساتذہ کرام کو اسناد دی جائیں گی۔

## سعادت حج بیت اللہ

فیض الاسلام گرلز سکول مندرہ کی ہیڈ مسٹریس محترمہ مسرت شفیق صاحبہ اور ہیڈ ماسٹر فیض آباد شبیر احمد ستی کی زوجہ حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد بخیریت واپس پہنچ گئی ہیں۔انجمن کی انتظامیہ نے ان کو یہ سعادت حاصل ہونے پر مبارک باد پیش کی ہے۔

---

عشق کیا ہے۔؟ اتباعِ مصطفیٰ ﷺ

عشق کیا ہے۔؟ صبر و تسلیم و رضا

(اقبالؒ)

# توشۂ آخرت

جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنے مال خرچ کرتے ہیں۔ اُن کے مال کی مثال ایسی ہے۔ جیسے ایک دانہ، کہ اس سے سات بالیاں اُگیں۔ اور ہر ہر بالی کے اندر سو سو دانے ہوں اور اللہ جسے چاہتا ہے افزونی دیتا رہتا ہے۔ اللہ بڑا وسعت اور بڑا علم والا ہے۔ (سورۃ البقرہ:۲۶)

☆

☆ انجمن کے مرکزی دفتر (ٹرنک بازار) اور فیض آباد کمپلیکس کی برانچوں میں موصول ہونے والے عطیات کی فہرست۔

اس شمارے میں جس ماہ کے عطیات کی فہرست شائع ہو رہی ہے۔ اگر آپ نے اسی ماہ میں عطیہ دیا ہو تو اپنی رسید نمبر کے مطابق جس جگہ اور جس تاریخ کو عطیہ دیا ہو وہیں تلاش کیجئے۔

## حسابات ٹرنک بازار بابت ماہ جون 2025ء

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 26 جون 25 | 19840 | والد مرحوم عبدالقیوم بٹ | راولپنڈی | 100 |
| // | 19841 | ڈاکٹر سعدیہ صاحبہ | اسلام آباد | 5000 |
| // | 19842 | سعد شفقت معرفت ڈاکٹر سعدیہ | // | 1000 |
| // | 19843 | ندیم کوثر مرحوم معرفت نعیم کوثر | // | 1000 |
| // | 19844 | رفیق کوثر واہلیہ رفیق کوثر مرحومین | // | 3000 |
| // | 19845 | گلیکسی پیکچرز | // | 500 |
| // | 19846 | عائشہ قیوم صاحبہ | انشاں کالونی | 100 |
| // | 19847 | محمد عثمان معرفت عائشہ قیوم | // | 100 |
| // | 19848 | محمد عمر معرفت عائشہ قیوم | // | 100 |
| // | 19849 | عبدالقیوم معرفت عائشہ قیوم | // | 100 |
| // | 19850 | دولتاں بی بی معرفت عائشہ قیوم | // | 100 |
| // | 20536 | میسرز نواز فیبرکس | راولپنڈی | 500 |
| // | 20537 | عظیم صاحب | // | 5000 |
| // | 20538 | مختار احمد صاحب | // | 100 |
| // | 20539 | شیخ سلیمان عزیز صاحب | // | 5600 |
| // | 5976 | محمد علی صاحب | // | 15400 |
| 27 جون 25 | 20540 | کامران صاحب | راولپنڈی | 1000 |
| // | 20541 | اذان فیبرکس | // | 500 |
| // | 20542 | مختار احمد صاحب | // | 100 |
| // | 20543 | وقار احمد صاحب | // | 500 |
| 28 جون 25 | 20544 | حاجی لیث اللہ صاحب | // | 1000 |
| // | 20545 | مختار احمد صاحب | // | 100 |
| // | 20546 | ذوالفقار صاحب | // | 2000 |
| // | 20547 | عبدالرافع صاحب | // | 5000 |
| 28 جون 25 | 20548 | محمد ارشد خان صاحب | راولپنڈی | 4245 |
| 29 جون 25 | 20549 | اذان فیبرکس | // | 500 |
| // | 20550 | شفیع ٹرنک | // | 1500 |
| // | 20551 | ساجد نواز قریشی صاحب | // | 2000 |
| // | 20552 | لطیف صاحب | // | 500 |
| // | 20553 | شہباز صاحب | // | 7000 |
| // | 20554 | مختار احمد صاحب | // | 100 |
| 30 جون 25 | 20555 | جاوید صاحب | راولپنڈی | 1000 |
| // | 20556 | پیروز بخت قاضی صاحب | لاہور | 15000 |
| // | 20557 | اذان فیبرکس | راولپنڈی | 500 |
| // | 20558 | نیکدل مسلمان | // | 500 |
| // | 20559 | مختار احمد صاحب | // | 100 |
| // | 20560 | ایس ایم بشیر صاحب | // | 20000 |

## حسابات ٹرنک بازار بابت ماہ جولائی 2025ء

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| کیم جولائی 25 | 20561 | نثار صاحب | راولپنڈی | 1000 |
| // | 20562 | جاوید بٹ صاحب | // | 300 |
| // | 20563 | مختار احمد صاحب | // | 100 |
| // | 20564 | خالد رشید، محمد ابوذر خالد صاحبان | // | 700 |
| 2 جولائی 25 | 20565 | محمد صابر حسین صاحب | اسلام آباد | 1000 |
| // | 20566 | والدین ثاقب بمعہ اہل خانہ | راولپنڈی | 200 |
| // | 20567 | محمد قیوم صاحب | // | 500 |
| // | 20568 | احمد حفیظ صاحب | // | 23000 |
| // | 20569 | - | - | - |
| // | 20570 | چندہ نمازیاں | راولپنڈی | 5150 |
| // | 20571 | شعیب واہل خانہ | // | 100 |

CamScanner

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 2جولائی25 | 20572 | امجد جاوید صاحب | راولپنڈی | 2000 |
| // | 20573 | مختار احمد صاحب | // | 100 |
| // | 20574 | لیف اللہ صاحب | // | 500 |
| 3جولائی25 | 20575 | لطیف صاحب | // | 500 |
| // | 20576 | مسز مختار صاحبہ | // | 4000 |
| // | 20577 | نوید مختار صاحب | // | 2000 |
| // | 20578 | مختیار صاحب | // | 100 |
| 4جولائی25 | 20579 | مختار صاحب | // | 100 |
| 5جولائی25 | 20580 | بریگیڈیئر ابراہیم انجم صاحب | // | 5000 |
| // | 20581 | مختار احمد صاحب | // | 100 |
| 7جولائی25 | 20582 | نواز الیکٹرکس | // | 500 |
| // | 20583 | سید ولی اللہ صاحب | // | 15000 |
| // | 20584 | محمد اشفاق صاحب | // | 25000 |
| // | 20585 | مختیار صاحب | // | 100 |
| // | 20586 | مسز فضل | // | 10000 |
| // | 20587 | جاوید اقبال صاحب<br>سمعیہ جاوید صاحبہ | // | 50000 |
| 8جولائی25 | 20588 | عمران صاحب | // | 7000 |
| // | 20589 | نیکدل انسان | // | 300 |
| 9جولائی25 | 17501 | بریگیڈیئر فیض اللہ چیمہ | راولپنڈی | 1000 |
| // | 17502 | بریگیڈیئر منیر احمد چیمہ | // | 1000 |
| // | 17503 | بریگیڈیئر محمد الیاس خان | // | 3000 |
| // | 17504 | ماڈرن پینٹ صدر | // | 200 |
| // | 17505 | قاری نسیم صاحب | // | 200 |
| // | 17506 | حسن رضا زیدی صاحب | // | 200 |
| // | 17507 | K.B ٹرسٹ | // | 2000 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 9جولائی25 | 17508 | پروفیسر مسرت خان | راولپنڈی | 500 |
| // | 17509 | ڈیلٹن فارمیسی | // | 3000 |
| // | 17510 | رانا محمد یامین صاحب | // | 2000 |
| // | 17511 | کرنل خواجہ جاوید سرشاد | // | 5000 |
| // | 17512 | ندا فاروقی صاحبہ | اسلام آباد | 10000 |
| // | 17513 | مسز شوکت فاروقی صاحبہ | // | 1000 |
| // | 17514 | کامران ملک، عثمان ملک<br>ساجدہ نسیم | // | 3000 |
| // | 17515 | محمد عثمان ملک، آمنہ عثمان،<br>خدیجہ عثمان صاحبان | // | 6000 |
| // | 17516 | عائشہ عثمان ملک صاحبہ | // | 1000 |
| // | 17517 | طارق محمود قریشی صاحب | // | 10000 |
| // | 17518 | سعید اختر انصاری صاحب | // | 1000 |
| // | 17519 | وقار رستم بخشی صاحب | // | 1000 |
| // | 17520 | امیر خان صاحب | // | 500 |
| // | 17521 | سجاد افضل چیمہ صاحب | // | 1000 |
| // | 17522 | سلمان محمود فاروقی صاحب | // | 3000 |
| // | 17523 | صلاح الدین ضیاء صاحب | // | 1000 |
| // | 17524 | عمر بن معین صاحب | // | 3000 |
| // | 17525 | عامر صاحب | // | 2000 |
| // | 17526 | نعمان حسن صاحب | // | 2000 |
| // | 17527 | ائیر کموڈور محمد علی صاحب | // | 1000 |
| // | 17528 | لیفٹننٹ کرنل عبدالعزیز خان | // | 2000 |
| // | 17529 | چوہدری احسان الحق صاحب | // | 1000 |
| // | 17530 | ناصر رشید صاحب | // | 1000 |
| // | 17531 | بیگم صاحبہ چوہدری محمد اسلم قمر | // | 1000 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 9 جولائی 25 | 17532 | علی خان بابر صاحب | راولپنڈی | 1000 |
| // | 17533 | محمد حسین صاحب | // | 500 |
| // | 17534 | جنرل نجیب اللہ صاحب | // | 1000 |
| // | 17535 | حبیب خان صاحب | // | 500 |
| // | 17536 | جنرل غلام حسین خان | // | 100 |
| // | 17537 | ڈاکٹر فوزیہ حسن صاحبہ | // | 1000 |
| // | 17538 | نبیل نجم صاحب | // | 500 |
| // | 17539 | محمد سعد بن عاصم زبیری | اسلام آباد | 2000 |
| // | 17540 | سعد بن عاصم زبیری | // | 500 |
| // | 17541 | بریگیڈیئر فرخ حیات خان | // | 10000 |
| // | 17542 | کرنل ہمایوں صاحب | // | 4000 |
| // | 17543 | تنویر احمد بھٹی صاحب | // | 1000 |
| // | 17544 | کموڈور سہیل عابد صاحب | // | 2000 |
| // | 17545 | منظر احمد صاحب | // | 3000 |
| // | 17546 | منظر احمد صاحب | // | 2000 |
| // | 17547 | منظر احمد برائے والد صاحب | // | 1000 |
| // | 17548 | منظر احمد برائے والدہ صاحبہ | // | 1000 |
| // | 17549 | منظر احمد برائے زوجہ مرحومہ | // | 1000 |
| // | 17550 | ڈاکٹر ریاض احمد صاحب | // | 2000 |
| // | 20590 | خالد ندیم صاحب | راولپنڈی | 1000 |
| // | 20591 | نیکدل انسان | // | 100 |
| // | 20592 | اذان فیبرکس | // | 500 |
| // | 20593 | بشارت صاحب | // | 2000 |
| // | 20594 | مختار صاحب | // | 100 |
| 10 جولائی 25 | 20595 | محمد انیس صاحب | // | 6821 |
| // | 20596 | عمیر رضا صاحب | // | 20000 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 10 جولائی 25 | 20597 | بشریٰ، شکیبہ صاحبہ | راولپنڈی | 1000 |
| // | 20598 | محمد اکبر، بیگم محمد اکبر صاحب | // | 2000 |
| // | 20599 | بشرا صاحبہ، شکیبہ صاحبہ | // | 5000 |
| 11 جولائی 25 | 21151 | جمشید صاحب | // | 1000 |
| // | 21152 | خواجہ حفیظ مرحوم | // | 3000 |
| // | 21153 | خواجہ حفیظ مرحوم | // | 3000 |
| // | 21154 | انجم نوید، مبشر نوید صاحبان | // | 5000 |
| // | 21155 | نسیم اشتیاق | سہام روڈ | 1000 |
| // | 21156 | نسیم اشتیاق | // | 1000 |
| // | 21157 | والدین مرحومین اشتیاق رسول | // | 1000 |
| // | 21158 | چوہدری اشتیاق رسول | // | 1000 |
| // | 21159 | چوہدری نوید اشتیاق | // | 4500 |
| // | 21160 | چوہدری خالد اشتیاق | // | 1000 |
| // | 21161 | ہدا خالد صاحبہ | // | 500 |
| // | 21162 | نوید اشتیاق صاحب | // | 2500 |
| // | 21163 | بیگم نوید صاحبہ | // | 200 |
| // | 21164 | شاہد اشتیاق صاحب | // | 1000 |
| // | 21165 | بیگم نوید صاحبہ | // | 200 |
| // | 21166 | والدین مرحومین بیگم نوید | // | 200 |
| // | 21167 | محمد حسن صاحب | // | 100 |
| // | 21168 | محمد طیب صاحب | // | 200 |
| // | 21169 | راجہ پرویز حسین صاحب | افشاں کالونی | 200 |
| // | 21170 | والدین مرحومین راجہ پرویز حسین | // | 200 |
| // | 21171 | محمد عمران صاحب | // | 100 |
| // | 21172 | شیخ احسان الٰہی مرحوم | سلائٹ ٹاؤن | 100 |
| // | 21173 | ساجدہ احسان مرحومہ | // | 100 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 11جولائی25 | 21174 | محمد اعظم خان مرحوم | راولپنڈی | 100 |
| // | 21175 | نادرہ بی بی مرحومہ | // | 100 |
| // | 21176 | آمنہ اعجاز صاحبہ | // | 100 |
| // | 21177 | ہمنا اعجاز صاحبہ | // | 100 |
| // | 21178 | عبداللہ اعجاز صاحب | // | 100 |
| // | 21179 | مریم ایاز صاحبہ | // | 100 |
| // | 21180 | وسیم اشفاق صاحب | // | 100 |
| // | 21181 | محمد سبحان ایاز صاحب | // | 100 |
| // | 21182 | ڈاکٹر رضوان صاحب | // | 2000 |
| // | 21183 | الیون ویلیوز | DHA | 1000 |
| // | 21184 | موٹلیک شلوشن | // | 1000 |
| // | 21185 | احمد محمود زبیر مرحوم | // | 1650 |
| // | 21186 | نسرین محمود صاحبہ | // | 50 |
| // | 21187 | نسرین محمود صاحبہ | // | 200 |
| // | 21188 | طاہر اسلام زبیری صاحب | // | 50 |
| // | 21189 | عمیلا سعد صاحبہ | // | 50 |
| // | 21190 | رابعہ محمود صاحبہ | // | 50 |
| // | 21191 | محمد محسن شبیر فاطمہ مرحومین | // | 100 |
| // | 21192 | اسماء محمود بمعہ فیملی | // | 300 |
| // | 21193 | خرم مجتبیٰ بمعہ فیملی | // | 300 |
| // | 21194 | محمد شبیر حسن مرحوم | // | 50 |
| // | 21195 | سردار فاطمہ شہر بانو مرحومین | // | 100 |
| // | 21196 | فرخ محمود، عائشہ نور فاطمہ حسن حلیمہ، عمارہ بتول محمد زبیر | // | 400 |
| // | 21197 | عائشہ قیوم صاحبہ | افشاں کالونی | 50 |
| // | 21198 | محمد عثمان صاحب | // | 50 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 11جولائی25 | 21199 | محمد عمر صاحب | افشاں کالونی | 50 |
| // | 21200 | زلیخاں بی بی | کمیٹی چوک | 100 |
| // | 20600 | ارشد علی اینڈ فیملی | راولپنڈی | 1200 |
| // | 20601 | مسز خالد صاحبہ | // | 1270 |
| // | 20602 | منسوخ | - | - |
| // | 20603 | مبشرہ عابد صاحبہ | راولپنڈی | 5000 |
| // | 20604 | اذان فیبر کس | // | 500 |
| // | 20605 | ڈاکٹر یوسف عباس مرزا صاحب | // | 5000 |
| // | 20606 | مختار احمد صاحب | // | 100 |
| 12جولائی25 | 20607 | انجمن فیض الاسلام بکس نمبر ۱ | // | 25400 |
| // | 20608 | قاری نسیم صاحب والدین | // | 200 |
| // | 20609 | اذان فیبر کس | // | 500 |
| // | 20610 | طاہرہ جبین صاحبہ | // | 500 |
| // | 20611 | محمد فاروق صاحب | // | 500 |
| // | 20612 | نثار الدین صاحب | // | 1000 |
| // | 20613 | Mourice sb | // | 1000 |
| // | 20614 | مختار احمد صاحب | // | 100 |
| // | 20615 | عادل محمود صاحب | // | 3000 |
| 13جولائی25 | 20616 | اشرف جاوید فیملی | راولپنڈی | 1000. |
| // | 20617 | محمد عثمان احمد صاحب | // | 1000 |
| // | 20618 | طاہرہ اشرف صاحب | // | 1000 |
| // | 20619 | اذان فیبر کس | // | 500 |
| // | 20620 | مختار احمد صاحب | // | 100 |
| 14جولائی25 | 20621 | ارشاد الرحمان صاحب | راولپنڈی | 2500 |
| // | 20622 | بابر رحمان صاحب | // | 2500 |
| // | 20623 | نور اشرف اینڈ سنز | // | 2000 |

CamScanner

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 14 جولائی 25 | 20624 | اذان فیبرکس | راولپنڈی | 500 |
| // | 20625 | ایس ایچ | // | 200 |
| // | 20626 | منسوخ | - | - |
| // | 20627 | خیال محمد صاحب | راولپنڈی | 1500 |
| 15 جولائی 25 | 17651 | شفا میڈیکوز | ایبٹ آباد | 3500 |
| // | 17652 | ڈاکٹر احمد جسرا صاحب | اسلام آباد | 1000 |
| // | 17653 | کرنل خواجہ جاوید سرشاد | // | 5000 |
| // | 17654 | عائشہ آمنہ، خدیجہ عثمان | // | 2000 |
| // | 17655 | کامران ملک، عثمان ملک، ساجدہ نسیم صاحبان | // | 3000 |
| // | 17656 | وقار رستم بخشی صاحب | // | 1000 |
| // | 17657 | سعید اختر انصاری صاحب | // | 1000 |
| // | 17658 | طارق محمود قریشی صاحب | // | 5000 |
| // | 17659 | مسز شوکت فاروق | // | 10000 |
| // | 17660 | زارا بی بی صاحبہ | // | 10000 |
| // | 17661 | سلمان محمود فاروقی صاحب | // | 3000 |
| // | 17662 | صلاح الدین ضیاء صاحب | // | 1000 |
| // | 17663 | عمیر بن معین صاحب | // | 2000 |
| // | 17664 | عامر صاحب | // | 2000 |
| // | 17665 | شاہد الرحمان صاحب | // | 2000 |
| // | 17666 | ڈاکٹر عائشہ صاحبہ | // | 5000 |
| // | 17667 | بیگم صاحبہ بریگیڈیئر اعجاز الدین صاحب | // | 1000 |
| // | 17668 | میجر جنرل خواجہ احسان اسلم | // | 1000 |
| // | 17669 | عبدالعزیز و زوجہ | راولپنڈی | 500 |
| // | 17670 | شمشاد علی قریشی و زوجہ | // | 500 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 15 جولائی 25 | 17671 | محمد امین صاحب | راولپنڈی | 500 |
| // | 17672 | بریگیڈیئر وسیم سعید صاحب | // | 500 |
| // | 17673 | بریگیڈیئر عامر یعقوب | // | 1000 |
| // | 17674 | محمد ابراہیم صاحب | // | 1000 |
| // | 17675 | ڈاکٹر نوید حسن صاحب | // | 1000 |
| // | 17676 | بریگیڈیئر محمد الیاس خان | راولپنڈی | 3000 |
| // | 17677 | بریگیڈیئر فیض اللہ چیمہ | // | 1000 |
| // | 17678 | بریگیڈیئر منیر احمد چیمہ | // | 1000 |
| // | 17679 | ماڈرن پینٹ صدر | // | 200 |
| // | 17680 | نعمان حسن صاحب | // | 3000 |
| // | 17681 | ائیر کموڈور محمد علی صاحب | // | 1000 |
| // | 17682 | لیفٹننٹ کرنل عبدالعزیز خان | // | 2000 |
| // | 17683 | چوہدری احسان الحق صاحب | // | 1000 |
| // | 17684 | ناصر رشید صاحب | // | 1000 |
| // | 17685 | بیگم صاحبہ چوہدری محمد اسلم قمر | // | 1000 |
| // | 17686 | علی خان بابر صاحب | // | 1000 |
| // | 17687 | محمد حسن صاحب | // | 300 |
| // | 17688 | جنرل غلام حسن خان | // | 100 |
| // | 17689 | حسیب خان صاحب | // | 500 |
| // | 17690 | نبیل نجم صاحب | // | 500 |
| // | 17691 | جنرل نجیب اللہ صاحب | // | 1000 |
| // | 17692 | سید بنیاد علی شاہ صاحب | // | 500 |
| // | 17693 | ڈاکٹر ملک شفقت حسن | // | 2000 |
| // | 17694 | حسن رضا زیدی صاحب | // | 200 |
| // | 17695 | کے پی ٹرسٹ | // | 1000 |
| // | 17696 | پروفیسر مسرت خان صاحب | // | 500 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 15 جولائی 25 | 17697 | ڈیلٹن فارمیسی | راولپنڈی | 3000 |
| // | 17698 | رانا محمد یامین صاحب | // | 1000 |
| // | 17699 | عاصم زبیری صاحب | // | 500 |
| // | 17700 | عاصم زبیری صاحب | // | 2000 |
| // | 20628 | نیکدل مسلمان | راولپنڈی | 500 |
| 16 جولائی 25 | 20629 | اذان فیبرکس | // | 500 |
| // | 20630 | شہباز صاحب | // | 15000 |
| 17 جولائی 25 | 20631 | نواز فیبرکس | // | 500 |
| // | 20632 | شفیع صاحب | // | 1500 |
| 18 جولائی 25 | 20633 | غضنفر صاحب | راولپنڈی | 1000 |
| // | 20634 | محمد رمضان صاحب | // | 18000 |
| // | 20635 | مختیار احمد صاحب | // | 100 |
| // | 20636 | ظفر مغل صاحب | // | 1000 |
| 19 جولائی 25 | 21101 | عمران صاحب | // | 5000 |
| // | 21102 | افراسیاب شیخ صاحب | // | 500 |
| // | 21103 | محمد ثاقب علی صاحب | // | 2000 |
| // | 21104 | ثاقب علی بمعہ فیملی | // | 1000 |
| // | 21105 | والدین مرحومین معرفت ثاقب علی | // | 200 |
| // | 21106 | ایک نیک دل انسان | // | 100 |
| // | 21107 | محمد نوید صاحب اے رحمان | // | 3000 |
| // | 21108 | ص نمبر ۱۲۷ محسن فارمیسی | // | 2130 |
| // | 21109 | طارق بیکری اینڈ جنرل سٹور | // | 3350 |
| // | 21110 | ص نمبر ۱۱۴ غلام محی الدین | // | 2170 |
| // | 21111 | ص نمبر ۱۹۷ حاجی خالد | // | 4300 |
| // | 21112 | ص نمبر ۱۸۴ بابر برادرز | // | 860 |
| // | 21113 | ص نمبر ۱۱۷ حاجی میاں نتھو جراح | // | 1270 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 19 جولائی 25 | 21114 | ص نمبر ۲۹۷ نیو دہلی دواخانہ | راولپنڈی | 510 |
| // | 21115 | ص نمبر ۲ محمد ظہیر بٹ صاحب | // | 1240 |
| // | 21116 | نیکہ بانو صاحبہ | // | 500 |
| // | 21117 | شوکت ملک مرحوم | // | 500 |
| // | 21118 | ص نمبر ۳۹ حبیب الرحمان | // | 140 |
| // | 21119 | ص نمبر ۱۳ سعید الیکٹرک سٹور | // | 500 |
| // | 21120 | نیو کراچی ہوٹل | // | 200 |
| // | 21121 | ص نمبر ۱۳۹ لاہور ہوٹل | // | 700 |
| // | 21122 | محمد محبوب صاحب | // | 500 |
| // | 21123 | محمد اقبال صاحب | // | 500 |
| // | 21124 | چوہدری تیمور ظفر صاحب | // | 1100 |
| // | 21125 | والدین مرحومین چوہدری ظفر | // | 500 |
| // | 21126 | نیو چمن آٹوز | راولپنڈی | 100 |
| // | 21127 | چوہدری افتخار حسین مرحوم | // | 2000 |
| // | 21128 | نیک دل خاتون | // | 500 |
| // | 21129 | چوہدری افتخار حسین مرحوم | // | 500 |
| // | 21130 | ایک نیک دل خاتون | // | 500 |
| // | 21131 | چوہدری نذیر حسین مرحوم | // | 300 |
| // | 21132 | ایک نیک دل خاتون | // | 200 |
| // | 21133 | افتخار احمد ستی صاحب | // | 1000 |
| // | 21134 | عبدالغفار صاحب | // | 200 |
| // | 21135 | حاجی معز الدین صاحب | // | 4000 |
| // | 21136 | ایک نیک دل انسان | // | 200 |
| // | 21137 | ایک نیک دل انسان | // | 200 |
| // | 21138 | یاسمین مرحومہ | // | 100 |
| // | 21139 | ص نمبر ۱۵۲ سودا سلف | اسلام آباد | 3320 |

CS CamScanner

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 19 جولائی 25 | 21140 | مس نمبر ۱۳۲ حمزہ آٹوز | اسلام آباد | 1560 |
| // | 21141 | مس نمبر ۱۲۳ بسم اللہ ہوٹل | // | 1320 |
| // | 21142 | ملک بشیر احمد و بیگم ملک بشیر احمد | // | 100 |
| // | 21143 | محمد عمران، عمران ٹریڈرز | راولپنڈی | 1000 |
| // | 21144 | سید تجمل حسین شاہ مرحوم | // | 250 |
| // | 21145 | دختر عزیز حسین صاحبہ | // | 500 |
| // | 21146 | سید زاہد حسین شاہ غازی مرحوم | // | 250 |
| // | 21147 | ساجد محمود، عثمان صاحبان | // | 200 |
| // | 21148 | مختار برادرز | // | 200 |
| // | 21149 | ملک خدا بخش و بیگم ملک خدا بخش | // | 300 |
| // | 21150 | ملک عمران صاحب | // | 150 |
| // | 20637 | عدیل صاحب | راولپنڈی | 100 |
| // | 20638 | اذان فیبرکس | // | 500 |
| // | 20639 | مختیار احمد صاحب | // | 100 |
| 20 جولائی 25 | 20640 | اذان فیبرکس | // | 500 |
| // | 20641 | یوسف صاحب | // | 500 |
| 21 جولائی 25 | 21201 | ڈاکٹر سعدیہ صاحبہ | اسلام آباد | 10000 |
| // | 21202 | والدہ مرحومہ سر ظفر اللہ خان مرحوم | // | 3000 |
| // | 21203 | والدہ محترمہ ظفر اللہ خان | // | 3000 |
| // | 21204 | سعد شفقت ڈاکٹر سعدیہ | // | 1000 |
| // | 21205 | شاہدہ منصور صاحبہ | // | 500 |
| // | 21206 | چوہدری حاکم علی مرحوم | // | 500 |
| // | 21207 | ثمین صدیق مرحومہ | // | 500 |
| // | 21208 | عبدالقادر صاحب | // | 2500 |
| // | 21209 | غلام فرید معرفت عبدالجلیل خان | // | 5000 |
| // | 21210 | بیگم عبدالودود معرفت عبدالجلیل خان | // | 5000 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 21 جولائی 25 | 21211 | عبدالجلیل خان صاحب | اسلام آباد | 5000 |
| // | 21212 | بڑی ہمشیرہ معرفت عبدالجلیل خان | // | 5000 |
| // | 21213 | سعدہ پروین معرفت عبدالجلیل خان | // | 5000 |
| // | 21214 | آنسہ کوثر صاحبہ | // | 5000 |
| // | 21215 | شیخ اکرام مرحوم | // | 5000 |
| // | 21216 | بیگم ایوب مرحومہ | // | 200 |
| // | 21217 | سید سفیر الحق حقی، سید تحسین الحق حقی، فرح ناز | // | 3000 |
| // | 21218 | مختار احمد صاحب | // | 2500 |
| // | 21219 | پروین اظہر صاحبہ | اسلام آباد | 3000 |
| // | 21220 | مرحومین ارشد زمان انصاری و بیگم ارشد زمان | // | 2000 |
| // | 21221 | اتحاد پیکچرز | // | 500 |
| // | 21222 | شیخ عبدالحمید مرحوم | // | 200 |
| // | 21223 | اسلام آباد سوپ | // | 2000 |
| // | 21224 | گلیکسی پیکچرز | // | 500 |
| // | 21225 | ندیم کوثر مرحومہ معرفت نعیم کوثر | // | 1000 |
| // | 21226 | رفیق کوثر مرحوم معرفت نعیم کوثر | // | 3000 |
| // | 21227 | گلیکسی پیکچرز | // | 1030 |
| // | 21228 | میاں حسن احمد صاحب | // | 2000 |
| // | 21229 | افتخار سیٹھی صاحب | // | 5000 |
| // | 21230 | نجمہ عزیز صاحبہ | // | 2000 |
| // | 21231 | ارسلان پان | // | 200 |
| // | 21232 | دادی مرحومہ معرفت ڈاکٹر عبدالقیوم بٹ | ڈھوک الٰہی بخش | 50 |
| // | 21233 | دادا خان مرحوم ڈاکٹر عبدالقیوم بٹ | // | 50 |

| تاریخ | رسید نمبر | نام | مقام | رقم/روپے |
|---|---|---|---|---|
| 21جولائی25 | 21234 | والد مرحوم معرفت ڈاکٹر عبدالقیوم بٹ | ڈھوک الٰہی بخش | 100 |
| // | 21235 | والدہ مرحومہ عبدالقیوم بٹ | // | 100 |
| // | 21236 | تایا جان مرحوم عبدالقیوم بٹ | // | 50 |
| // | 21237 | چچا جان مرحوم عبدالقیوم بٹ | // | 50 |
| // | 21238 | عادل قیوم عبدالقیوم بٹ | // | 50 |
| // | 21239 | طارق قیوم عبدالقیوم بٹ | // | 50 |
| // | 21240 | ہارون قیوم عبدالقیوم بٹ | // | 50 |
| // | 21241 | عائشہ قیوم عبدالقیوم بٹ | // | 50 |
| // | 21242 | ذولیخاں بی بی عبدالقیوم بٹ | // | 100 |
| // | 21243 | عبدالقیوم ولد غلام محمد مرحوم | // | 100 |
| // | 21244 | اقراء فردوس | // | 50 |
| // | 21245 | سویرا ہارون | // | 50 |
| // | 21246 | ہانیہ ہارون | // | 50 |
| // | 21247 | محمد عثمان صاحب | // | 50 |
| // | 21248 | محمد عمر صاحب | // | 50 |
| // | 21249 | میر محمد معرفت ذولیخاں بی بی | // | 50 |
| // | 21250 | قاسم جان مرحومہ | // | 50 |
| // | 20642 | فیضان صاحب | راولپنڈی | 5000 |
| // | 20643 | اذان فیبرکس | // | 500 |
| // | 20644 | حاجی مکھن داد صاحب | // | 5000 |
| 22جولائی25 | 20645 | مبشرہ عابد صاحبہ | راولپنڈی | 37082 |
| // | 20646 | مبشرہ عابد صاحبہ | // | 33000 |
| 23جولائی25 | 5973 | اسلم کار کیئر | // | 480000 |
| // | 5974 | بنارس علی صاحب | // | 90000 |
| // | 5976 | راجہ زاہد اختر صاحب | // | 49500 |
| 23جولائی25 | 5977 | راجہ زاہد اختر صاحب | راولپنڈی | 49500 |
| // | 5978 | زاہد محمود صاحب | // | 30400 |
| // | 5979 | راجہ زاہد اختر صاحب | // | 49500 |
| // | 5981 | محمد علی صاحب | // | 15400 |
| // | 5982 | امجد محمود (مرحوم) | // | 36300 |
| // | 20647 | عدیل صاحب | // | 100 |
| // | 20648 | ایم۔آئی۔زیڈ | // | 450 |
| // | 20649 | محمد یاسین صاحب | // | 500 |
| 24جولائی25 | 22001 | بشیر احمد بھٹی صاحب | راولپنڈی | 1000 |
